دُنیائے ادَب میں نقشِ اولیں

۹۹ اسماء النبیؐ کو جزوِ ردیف کرتے ہوئے ۹۹ بحور/اوزان میں کہی گئی ۹۹ نعتِ مبارکہ

لاثانی

ناصر ملک



اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ
إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ
اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ
إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

ہونٹوں پہ لا کے چوم لیا مصطفیٰ کا نام
تب سے مرے طواف میں رہتی ہے روشنی

لاثان >>>> ناصر ملک

۹۹ اسماء النبیؐ کو جزوِ ردیف کرتے ہوئے ۹۹ بحور/اوزان میں کہی گئی ۹۹ نعتِ مبارکہ

لاثان

ناصر ملک

urdusukhan@urdusukhan.com www.urdusukhan.com

اردو سخن

آرٹ لینڈ، گرلز کالج روڈ، اردو بازار چوک اعظم (لیہ) فون: 0302-7844094

اسٹاکسٹ: ادارہ فکرو دانش، الحمد پلازہ، اردو بازار لاہور

اُردو سخن >>>

۹۹ اسماء النبیؐ کو جزوِ ردیف کرتے ہوئے ۹۹ بحور/اوزان میں کہی گئی ۹۹ نعتِ مبارکہ

لاثان

ناصر ملک

ناشر: اردو سخن ڈاٹ کام، پاکستان
نمودِ اول: 2017ء
حرف بین: محمد شہریار ناصر۔ کاشف اقبال
سرورق: ناصر ملک
طباعت: شیرِ ربانی پریس، ملتان
قیمت: 400 روپے (20 یورو، 25 ڈالر)

استدعا

یارب العزت! میرے اور میری شریکِ حیات کے
والدین کو اپنے حبیب محمد ﷺ کی شفاعت
سے بہرہ مند فرما۔

فہرست عنوانات

مُحَمَّدؐ

MUHAMMAD

حسنِ ترتیب: 1

ادائیگی: مُ- حَمْ- مَ- دُن

مستعمل تلفظ: مُ- حَمْ- مَدْ

ترجمہ: تعریف کیا گیا

Highly praised

حسنِ بیاں: بحر: خفیف مسدس سالم مخبون محذوف مقطوع

ارکان: فاعلاتن مفاعلن فِعْلن

لاثان <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روحِ پاکیزگی محمدؐ سے
زندگی، زندگی محمدؐ سے

معترف ہے خدائے ارض وسما
ہے نموئے گہی محمدؐ سے

خلق اِعظم سے اسمِ اعظم تک
نسبتیں حُسن کی محمدؐ سے

کِھل اُٹھے ہیں نجوم و شمس و قمر
مل گئی روشنی محمدؐ سے

مدحتوں کے چراغ کہتے ہیں
سیکھیے بندگی محمدؐ سے

أَحْمَدُ

AHMAD

حسنِ ترتیب: 2

ادائیگی: اَحْ - مَ - دُن

مستعمل تلفظ: احْ - مَ - دُ

ترجمہ: زیادہ تعریف کیا جانے والا

Most commendable

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مثمن سالم

ارکان: مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد مصطفیٰ صلعم حمود و آحمَدُ و حامد
دل وجاں ہیں نبی اکرم حمود و آحمَدُ و حامد

وہی رحمت کشا، منظورِ یزداں، فخرِ آدم ہیں
وہی اعلیٰ، وہی اعظم حمود و آحمَدُ و حامد

وہ بالاتر حصارِ عصر سے، ارض وسما سے بھی
وہی مرہم، وہی منعم حمود و آحمَدُ و حامد

خدائے پاک نے جن کی ثنا کی ہے محبت سے
لبوں پر ہیں وہی ہر دم، حمود و آحمَدُ و حامد

جہاں تعریف کے الفاظ معذوری دِکھا جائیں
وہاں ہیں رحمت العالم، حمود و آحمَدُ و حامد

حَامِدٌ

HAMID

حسنِ ترتیب: 3

ادائیگی: حاَ - مِ - دُن/حاَ - مِدْ

مستعمل تلفظ: حاَ-مِ-دُن

ترجمہ: حمد کرنے والا،تعریف کرنے والا

Praising

حسنِ بیاں: بحر: رمل مثمن محذوف

ارکان: فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس کڑے دورِ مصائب میں دوا ہیں حامدؐ
رحمت اللعالمیں، نور الہدا ہیں حامدؐ

آپؐ کی حمد و ثنا میں ہیں فرشتے با مراد
سچ تو یہ ہے آپؐ محبوبِ خدا ہیں حامدؐ

آپ اپنا آئنہ تو آپ ہی اپنی مثال
آپؐ ہی خیر البشر، خیر الورا ہیں حامدؐ

حسنِ آدم آپؐ ہی ہیں، نورِ یزداں آپؐ ہیں
آپؐ وجہِ خلقِ کل، وجہِ بقا ہیں حامدؐ

ہر گھڑی تعریف اُن کی میرے ہونٹوں پر سجی
باوصف میرے تصور سے ورا ہیں حامدؐ

مَحْمُوْدٌ

MAHMOOD

حسنِ ترتیب: 4

ادائیگی: مَحْ - مُوْ - دُن

مستعمل تلفظ: مَحّ - مُوْ - دْ

ترجمہ: سراہا گیا، تعریف کیا گیا

Praised

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف

ارکان: مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اک حکم کی تعمیل نے محمودؐ کہا ہے
جوادؐ کو جبریل نے محمودؐ کہا ہے

افلاک پہ گونجی ہے صدا، ختمِ نبوت
منبر پہ جو راحیل نے محمودؐ کہا ہے

ہر پھول پہ لکھا ہے محمدؐ کا تبسم
ہر گام پہ قندیل نے محمودؐ کہا ہے

سیرت میں مثالی تو بصیرت میں ہے یکتا
ہر حسن کی تمثیل نے محمودؐ کہا ہے

خالق نے محمدؐ کو بنایا ہے مکمل
قرآن کی ترسیل نے محمودؐ کہا ہے

لاثان >>>> ناصر ملک

قَاسِمُ

QASIM

حسنِ ترتیب:	5
ادائیگی:	قا- سِ- مُن
مستعمل تلفظ:	قا- سِم
ترجمہ:	تقسیم کرنے والا، قسمت کرنے والا، بانٹنے والا
	A Distributor, A apportioning
حسنِ بیاں:	بحر: متقارب مثمن مضاعف
	ارکان: فعلن فعلن فعلن فعل فعولن فعلن فع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس دھرتی پر روشن تر خورشید کوئی ہے؟ قَاُسِمُ ہے
خوشیاں بانٹنے والا بھی ناہید کوئی ہے؟ قَاُسِمُ ہے

اشک سمندر کے اوپر ہے کن من جبر کے بادل کی
دکھ دردوں کے اس جگ میں امید کوئی ہے؟ قَاُسِمُ ہے

کیا ہونا ہے لکھ رکھا ہے، کیا ملنا ہے طے پایا
اس تحریرِ قسمت کی تمہید کوئی ہے؟ قَاُسِمُ ہے

مالک اپنے بندوں سے کیا چاہے کس سے پوچھیں ہم؟
رب سچے کی صورت گر تقلید کوئی ہے؟ قَاُسِمُ ہے

جھوٹی قید گزاری دل نے سب دروازے کھٹکائے
قسمت لکھنے والے کی تائید کوئی ہے؟ قَاُسِمُ ہے

عَاقِبُ

AAQIB

حسنِ ترتیب:	6
ادائیگی:	عاَ - قِ - بُن
مستعمل تلفظ:	عاَ - قِبْ
ترجمہ:	پیچھے آنے والا، بعد میں آنے والا
	Following, The Last
حسنِ بیاں:	بحر: خفیف مسدس سالم ارکان: فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کہہ رہے ہیں قرآنی اوراق عاؔقِب
اک نہ اک دن دیکھیں گے عشاق عاؔقِب

حکمِ یزداں پر چل رہا ہے ازل سے
حسنِ تخلیق و نورِ خلاق عاؔقِب

ڈھونڈتی پھرتی ہے زمیں مصطفیٰ کو
ڈھونڈتے پھرتے ہیں یہ آفاق عاؔقِب

تاجدارِ کون و مکاں! بخش دیجئے
مانگتے ہیں دیدار مشتاق عاؔقِب

کوئی ہے کیا عشقِ خدا اُس سے بڑھ کر
کوئی ہے کیا محبوب مصداق عاؔقِب

فَاتِحُ

FATIH

حسنِ ترتیب: 7

ادائیگی: فَا - تِ - حُن

مستعمل تلفظ: فَا - تِ - ح

ترجمہ: فتح کرنے والا، کھولنے والا

Opener, Conqueror

حسنِ بیاں: بحر: خفیف مسدس مخبون

ارکان: فعِلا تن مفاعلن فعِلا تن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شجرِ سرفراز فاتحِ عالم
وہی بندہ نواز فاتحِ عالم

مدنی ذات فاتحِ دو جہاں ہے
وہی میرِ حجاز فاتحِ عالم

وہی سایہ کشا غریب کے دل پر
ہے وہی غم طراز فاتحِ عالم

طلبِ دل سے کھولتا ہے خدا کا
درِ راز و نیاز فاتحِ عالم

طربِ جاں فزا ہے نامِ محمدؐ
سحرِ دل گداز فاتحِ عالم

شَاھِدُ

SHAHID

حسنِ ترتیب: 8

ادائیگی: شَا - ہِ - دُن

مستعمل تلفظ: شَا - ہِدْ

ترجمہ: شہادت/گواہی دینے والا،مشاہدہ کرنے والا

Witness

حسنِ بیاں: بحر: منسرح مثمن سالم

ارکان: مستفعلن مفعولاتُ مستفعلن مفعولاتُ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میں کیوں نہ مانوں گا تم کو جب وہ مسیحا شَاُہِدُ ہے
اے خالقِ دل! محبوبِ مرسل تمہارا شَاُہِدُ ہے

کھولا اُسی نے توحید کا فلسفہ انسانوں پہ
بحرِ خدا لامحدود اس کا کنارا شَاُہِدُ ہے

اے خواہشِ دنیا! دور، تشنہ لبی! مت آ پاس
اے عشقِ لاحاصل! میرے دل کی تمنا شَاُہِدُ ہے

وہ ایک ہے جس کا حسن، فکر و عمل ہے بے مثل
وہ ایک جس کے کردار کا یہ اجالا شَاُہِدُ ہے

جس کی نظر نے دیکھا ہے پروردگارِ کونین
حسنِ مکمل ہے ذات جس کا سراپا شَاُہِدُ ہے

لاثانی >>>> ناصر ملک

حَاشِرُ

HASHIR

حسنِ ترتیب: 9

ادائیگی: حَا-شِ-رُن

مستعمل تلفظ: حا- شِرُ

ترجمہ: جمع کرنے والا

Who gathers people

حسنِ بیاں: بحر: جدید مسدس سالم

ارکان: فاعلاتن فاعلاتن مستفعلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جب ہوئے درپَے مسائل، حاشِرؔ ملا
لے کے روحانی وسائل حاشِرؔ ملا

پہلے آدم نفرتوں میں تقسیم تھا
پھر جہاں کو ایک حائل حاشِرؔ ملا

زندگی دکھ سے عبارت جب ہوگئی
منتشر تھے سب قبائل، حاشِرؔ ملا

خوش نصیبی زندگی کا حاصل ہوئی
حشر تک یوں حشر مائل حاشِرؔ ملا

اضطرابِ جاں کنی کا پھیلا عدو
پھر ہمیں رحمت شمائل حاشِرؔ ملا

رَشِیۡدُ

RASHEED

حسنِ ترتیب:	10
ادائیگی:	رَ-شی - دُن
مستعمل تلفظ:	رَ-شی - دْ
ترجمہ:	صراطِ مستقیم کا پیرو،حق شناس،خداترس
	Well guided
حسنِ بیاں:	بحر:مجتث مسدس مخبون
	ارکان: مفاعلن فعلاتن مفاعلن

لاثان >>>>ناصرملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدا شناس بصارت رَشِیدؒ ہیں
خدا کی سچی شہادت رَشِیدؒ ہیں

اُنہی کے نقشِ کفِ پا ہیں ضوفشاں
کہ حق پرست قیادت رَشِیدؒ ہیں

وہ ٹوٹتے ہوئے دل کو سنبھال لیں
اسی لیے تو وساطت رَشِیدؒ ہیں

جو سیدھی رہ پہ چلائے گئے بشر
وہ پاسدارِ شریعت رَشِیدؒ ہیں

اُنہی کے حکم کے تابع خدائیاں
جہانِ حسنِ امامت رَشِیدؒ ہیں

لاثانی >>>>ناصر ملک

مَشْہُوْدٌ

MASH'HOOD

حسنِ ترتیب: 11

ادائیگی: مَش - ہُو - دُن

مستعمل تلفظ: مَش - ہُو - دْ

ترجمہ: مشاہدہ کیا گیا، جس کی گواہی دی گئی ہو

Witnessed

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مثمن اخرب مکفوف سالم

ارکان: مفعولُ مفاعیل مفاعیل مفاعیلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حق یہ ہے کہ مشہود کو مَشْہُوْدْ کہا جائے
اللہ کے محمود کو مَشْہُوْدْ کہا جائے

اُس نے ہی تو یزداں کو عیاں کر کے دکھایا ہے
اُس ناظرِ مسجود کو مَشْہُوْدْ کہا جائے

شاہد ہے، وہ مشہود بھی ہے اور شہادت بھی
قرآن میں موجود کو مَشْہُوْدْ کہا جائے

صادق ہے، امیں ہے وہ، صداقت کا پیمبر بھی
اُس شاہدِ معبود کو مَشْہُوْدْ کہا جائے

دیتا ہے گواہی جو خدا اپنے صحیفوں میں
اُس گوہرِ مقصود کو مَشْہُوْدْ کہا جائے

بَشِیْرُ

BASHEER

حسنِ ترتیب: 12

ادائیگی: بَ- شی- رُن

مستعمل تلفظ: بَ-شی-رْ

ترجمہ: بشارت/خوشخبری دینے والا

Bringer of good tidings

حسنِ بیاں: بحر: مجتث مثمن مخبون محذوف

ارکان: مفاعلن فعِلاتن مفاعلن فعِلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زماں بشیر کے ہیں تو جہاں بَشِیْرؒ کا ہے
یہ علم کیا ہے فقط یہ گماں بَشِیْرؒ کا ہے

یہ خوف لائے گا اِک دن بشارتوں کی بہار
یہاں نذیر کا ہے تو وہاں بَشِیْرؒ کا ہے

وہی بتا کے گئے ہیں علوم و طرزِ حیات
ہر اِک وجود میں عکس رِواں بَشِیْرؒ کا ہے

میں دیکھتا ہوں اُنہی کا پیام چھایا ہوا
میں سوچتا ہوں درِ جاوداں بَشِیْرؒ کا ہے

کرن میں نور تو پھولوں میں باس اُن کی چھپی
ہوا کے ہاتھ میں روشن بیاں بَشِیْرؒ کا ہے

نَذِیرُ

NAZEER

حسنِ ترتیب: 13

ادائیگی: نَ- ذِی- رُن

مستعمل تلفظ: نَ-ذِیْ- رُ

ترجمہ: ڈرانے والا،خبر دار کرنے والا

Warner

حسنِ بیاں: بحر: مدید مثمن مخبون

ارکان: فعلاتن فعِلُن فعلاتن فعِلُن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سفرِ جاں کا نصاب نذیرؔ ہمیں
گئے ہیں دے کے کتاب نذیرؔ ہمیں

سبق مِہر و وفا میں بتا ہی چکے ہیں
یہ عذاب اور عتاب نذیرؔ ہمیں

غمِ عصیاں سے نجات دِلائے گی وہاں
وہ پلائیں گے شراب نذیرؔ ہمیں

جو بھی پوچھی گئی ہے وہ بتاتے ہیں سدا
خبرِ جرم و ثواب نذیرؔ ہمیں

درِ اقدس کو چلے یہی طے کر کے سبھی
کہ نوازیں گے جناب نذیرؔ ہمیں

داعٍ

DAA'

حسنِ ترتیب: 14

ادائیگی: دَا- عِن

مستعمل تلفظ: دَا- عْ

ترجمہ: دعوت دینے والا، (خیر کی طرف) بلانے والا

Caller

حسنِ بیاں: بحر: مضارع مثمن مکفوف محذوف

ارکان: مفاعیل فاعلات مفاعیل فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ خورشیدِ سرزمین، وہی دَاْعُ مرحبا
وہی زعمِ مرسلین، وہی دَاْعُ مرحبا

جو آواز کنجِ خیر کی لاتا رہا سدا
ندا کارِ عالمین، وہی دَاْعُ مرحبا

یتیموں پہ التفات اسی کا طریق تھا
مساکین کا معین، وہی دَاْعُ مرحبا

اسی نام سے کھلا ہے مفاہیم کا جہاں
وہی تاجِ عارفین، وہی دَاْعُ مرحبا

مرے دل میں بس رہا ہے وہی نورِ ضوفشاں
وہی ذاتِ بالیقین، وہی دَاْعُ مرحبا

لاثان >>>> ناصر ملک

شَاُفِ

SHAF

حسنِ ترتیب:	15
ادائیگی:	شَاُ - فِنْ
مستعمل تلفظ:	شَاُ - فْ
ترجمہ:	شفادینے والا۔بچانے والا
	Healer
حسنِ بیاں:	بحر:قریب مسدس اخرب مکفوف
	ارکان:مفعول مفاعیل فاع لاتن

لاثانی >>>>ناصرملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سادات کے سید کو شَاُفُ لکھنا
احسن ہے محمدؐ کو شَاُفُ لکھنا

وہ حسن مکمل ہے تاب والا
اس حسن کی آمد کو شَاُفُ لکھنا

تجھ کو بھی وہ یزداں کا قرب دے گا
اس صاحبِ مسند کو شَاُفُ لکھنا

جو کرب و مصائب کو دور کر دے
اس ذات کو، احمدؐ کو شَاُفُ لکھنا

یہ نام سکوں بخشتا ہے ہر دم
مقصود ہے سرمد کو شَاُفُ لکھنا

هَادٍ

HAAD

حسنِ ترتیب:	16
ادائیگی:	ہَا - دِنْ
مستعمل تلفظ:	ہَا - دْ
ترجمہ:	ہادی ۔ ہدایت کرنے والا ۔ راہ دکھانیوالا
	He who guides right
حسنِ بیاں:	بحر: مضارع مثمن سالم
	ارکان: مفاعیلن فاعلاتن مفاعیلن فاعلاتن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سکھا دے مجھ ناتواں کو جہاں بانی، ھَادُ میرے!
مری قسمت کو عطا ہو سخن دانی ھَادُ میرے!

زمانوں میں تیرے جیسا نہیں کوئی رہبرِ کل
مثالوں سے تُو وراہے، تُو لاثانی ھَادُ میرے!

رلاتی ہے اب تہی دامنی مجھ کو ہر قدم پر
میں عاجز کی ختم ہو یہ پشیمانی ھَادُ میرے!

ترے جیسا مل گیا مرشدِ کامل زندگی کو
عنایت کی جو ہوئی ہے فراوانی، ھَادُ میرے!

ترے تابع آفتاب و مہِ کامل تا بہ محشر
ترے ذکرِ خیر سے ہے درخشانی، ھَادُ میرے!

مَھدِ

MAH'D

حسنِ ترتیب:	17
ادائیگی:	مَہْ - دِنْ
مستعمل تلفظ:	مَہْ - دِنْ
ترجمہ:	ہدایت یافتہ
	He who is well guided
حسنِ بیاں:	بحر: ہزج مثمن اشتر
	ارکان: فاعلن مفاعیلن فاعلن مفاعیلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرشدِ زماں محمدﷺ! میں سلام کہتا ہوں
ہادیٔ جہاں محمدﷺ! میں سلام کہتا ہوں

ہر طرف شفاعت کا سائباں میسر ہے
قافلے رواں محمدﷺ! میں سلام کہتا ہوں

تیری ہی وساطت سے رشدِ آدمیت ہے
دارِ جاوداں محمدﷺ! میں سلام کہتا ہوں

مومنینِ عالم کو آسرا ترے در کا
تُو ہی بادباں محمدﷺ! میں سلام کہتا ہوں

راستے کشادہ ہیں جب سے ہو گیا میرا
گوہرِ بیاں محمدﷺ! میں سلام کہتا ہوں

لاثانی >>>> ناصر ملک

مَاُحٍ

MAAH

حسنِ ترتیب:	18
ادائیگی:	مَاْ - حِنْ
مستعمل تلفظ:	مَاْ - حْ
ترجمہ:	پلٹانے والا، معصوم
	He who wipes out, infidelity
لغت:	کَلَف: (عربی، نکرہ) چاند کا سیاہ داغ
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مسدس سالم مخبون محذوف
	ارکان: فاعلاتن فعِلاتن فعِلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زندگی کُنجِ شغف مَاُح سے ہے
یعنی یہ شان وشرف مَاُح سے ہے

غم کی پرچھائیں مٹاتا ہے وہی
موج میں ردِّ کلف مَاُح سے ہے

گامزن راہِ خدا پرہے بشر
یہ ہدف، ذوقِ ہدف مَاُح سے ہے

اُس کی آمد ہے بہاروں کی خبر
نورسا چاروں طرف مَاُح سے ہے

میری کایا تو پلٹ دی گئی ہے
میرا ہر لفظ صدف مَاُح سے ہے

لاثان >>>> ناصر ملک

مُنجِ

MUNJ

حسنِ ترتیب:	19
ادائیگی:	مُنْ - جِنْ
مستعمل تلفظ:	مُنْ - جْ
ترجمہ:	بچانے والا

He who saves, delivers

حسنِ بیاں: بحر: قریب مسدس سالم

ارکان: مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جو آیاتیں میسر ہیں، مُنُجُ سے ہیں
ہمارا اگر مقدر ہیں، مُنُجُ سے ہیں

فلاحِ آدمیت جن کا ہے شیوہ
جو منصور و مظفر ہیں، مُنُجُ سے ہیں

زمانِ اولیں سے تا حشر جو بھی
حقیقت کے شناور ہیں، مُنُجُ سے ہیں

مہِ کامل ستارے اور نجم روشن
جو انوارِ بہتّر ہیں، مُنُجُ سے ہیں

اُسی چوکھٹ سے لیتے ہیں بارِ شاہی
قلندر بادشہ گر ہیں، مُنُجُ سے ہیں

نَاُہِ

NAAH

حسنِ ترتیب: 20

ادائیگی: نَا - ھِن

مستعمل تلفظ: نَا - ہْ

ترجمہ: محفوظ

Safe

حسنِ بیاں: بحر: رمل مثمن سالم مخبون محذوف

ارکان: فاعلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعِلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پاک لغزش سے خطاؤں سے رہے نَاُہُ سدا
اور محفوظ بلاؤں سے رہے نَاُہُ سدا

ایک معبود کی دہلیز پہ سر اُن کا جھکا
دور دنیا کے خداؤں سے رہے نَاُہُ سدا

جاں نثاروں کے جلو میں کبھی تنہا نہ ہوئے
کتنے سرشار وفاؤں سے رہے نَاُہُ سدا

جس نے بھی اُن کو پکارا تھا انہیں دیکھ لیا
اتنے مانوس صداؤں سے رہے نَاُہُ سدا

ذکرِ توحید سے مہکی ہوں، نبی دیکھتی ہوں
ہم کلام ایسی ہواؤں سے رہے نَاُہُ سدا

رَسُولُ

RASOOL

حسنِ ترتیب:	21
ادائیگی:	رَ-سُو- لُن
مستعمل تلفظ:	رَ-سُو-لِ
ترجمہ:	پیام/خط/نامہ لانے والا، پیغامبر، بھیجا گیا، قاصد Messenger
لغت:	عَرَبِیْ: عرب کا ، عَجَمی: بیرونِ عرب کا
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مثمن مشکول ارکان: فَعِلا تُ فاعلاتن فَعِلا تُ فاعلاتن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غلطی سے ماورا ہے وہ رَسُوْلِ ہاشمی ہے
کہ جو عکسِ اِتقا ہے وہ رَسُوْلِ ہاشمی ہے

درِ مصطفیٰ ملا ہے تو نہیں ہے کوئی بھی غم
جو دلوں کا مدعا ہے وہ رَسُوْلِ ہاشمی ہے

اُسی ذات نے دیا ہے یہی فیضِ عام سب کو
وہی نام آسرا ہے وہ رَسُوْلِ ہاشمی ہے

ہے گناہ کا مجھے ڈر نہ کوئی ہے دکھ فنا کا
کہ مرا جو رہ نما ہے وہ رَسُوْلِ ہاشمی ہے

عربی ہو یا مسافر عجمی ہو ایک سے ہیں
یہ اُسی نے ہی کہا ہے وہ رَسُوْلِ ہاشمی ہے

نَبِیُّ

NABI

حسنِ ترتیب: 22

ادائیگی: نَ - بِیْ - یُن

مستعمل تلفظ: نَ - بِیْ

ترجمہ: خبر دینے والا، پیغمبر، خدا کا حکم بندوں تک پہنچانے والا

Prophet

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مثمن اخرب سالم

ارکان: مفعولُ مفاعیلن مفعولُ مفاعیلن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمود، ولی، شاہِ لولاک نَبِیؐ آئے
تھا جشن بپا جگ میں جب پاک نَبِیؐ آئے

خوش بخت کوئی ہم سا دنیا میں نہیں، ہم پر
بے لوث نبی آئے، بے باک نَبِیؐ آئے

لکھتا ہوں زمانے کے دستور میں یہ جملہ
اب کوئی نہیں ہو گا نم ناک، نَبِیؐ آئے

پہچان خدا کی ہے مقصود محمدؐ کا
انساں کو عطا کرنے ادراک نَبِیؐ آئے

دھرتی پہ چراغاں ہے اور خلقِ خدا خوش ہے
مبہوت ہوا تختِ افلاک، نَبِیؐ آئے

اُمِّیؐ

UMMEE

حسنِ ترتیب: 23

ادائیگی: اُم- مِی - یُن

مستعمل تلفظ: اُم- مِی

ترجمہ: عین فطرت پر، فکر و فلسفے سے پاک

Unlettered

حسنِ بیاں: بحر: وافر مسدس مقطوف

ارکان: مفاعِلَتن مفاعِلَتن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گناہ کی رہ پہ چلتے نہیں ہیں اُمّیؐ
طریق و ادا بدلتے نہیں ہیں اُمّیؐ

غریب و یتیم آپ کے در پہ آئے
یہ بامِ سخا سے ٹلتے نہیں ہیں اُمّیؐ !

اگر نہ ہوئی اطاعتِ دل گوارا
یہ بھٹکے ہوئے سنبھلتے نہیں ہیں اُمّیؐ !

یہ آپ کی رحمتوں کے سبب ہوا ہے
ندیم و نعیم جلتے نہیں ہیں اُمّیؐ !

ہماری نظر میں آپ کے نقشِ تاباں
ہم اور کہیں بہلتے نہیں ہیں اُمّیؐ !

تِہَامِیُّ

TEHAMI

حسنِ ترتیب: 24

ادائیگی: تِ- ہَا- مِی- یُن

مستعمل تلفظ: تِ - ہَا- مِی

ترجمہ: تہامہ سے منسوب ۔تہامہ: علم/علاقہ

A person of Tihama

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مثمن محذوف

ارکان: مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرافروزِ مسیحائی، مداوا ہیں محمد ﷺ
ارادت کے قمر، شمس و ثریا ہیں محمد ﷺ

علمبردارِ علم و آگہی، شرفِ بشر ہیں
سخاوت کا صداقت کا حوالا ہیں محمد ﷺ

وہ کوڑا پھینکنے والی بھی اِک دن کہہ رہی تھی
جہاں میں غم گساری کا سراپا ہیں محمد ﷺ

بڑا ہی ضوفشاں ہے شہرِ علمِ دین و دنیا
نظر کا نور ہیں، دل کا اُجالا ہیں محمد ﷺ

یقیناً اُن کو دِل کے جذب و مستی کی خبر ہے
زمانوں کی حقیقت کے شناسا ہیں محمد ﷺ

هَاشِمِیؐ

HASHIMI

حسنِ ترتیب:	25
ادائیگی:	ہَا- شِ- مِیْ- یُن
مستعمل تلفظ:	ہَا- شِ- مِیْ
ترجمہ:	حضرت محمدؐ یعنی اپنے دادا حضرت ہاشم سے منسوب
	Attached with Hashim
حسنِ بیاں:	بحر: ہزج مثمن مقبوض
	ارکان: مفاعلن مفاعلن مفاعلن مفاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رقم طراز ہے غلام یا رسولِ ہاشمیؐ !
قبول ہو مرا سلام یا رسولِ ہاشمیؐ !

یہ دھڑکنیں پکارتی رہیں سدا حضورؐ کو
چلے تو یوں چلے نظام یا رسولِ ہاشمیؐ !

ہیں آپؐ غم گسارِ دل ، ہیں آپ آشنائے جاں
ہیں آپ ہی مرے امام یا رسولِ ہاشمیؐ !

عطا ہوا ہے برکتِ اِطاعتِ حضورؐ سے
مرے کلام کو دوام یا رسولِ ہاشمیؐ !

زہے ! عظیم تر نسب ، زہے ! عظیم نام ہے
عظیم آپ کا مقام یا رسولِ ہاشمیؐ !

اَبْطَحِیُّ

ABTAHEE

حسنِ ترتیب: 26

ادائیگی: اَبْ- طَ- حِیْ- یُنْ

مستعمل تلفظ: اَبْ- طَ- حِیْ

ترجمہ: بطحیٰ (مکہ ومدینہ) کا رہنے والا

Belonging to Al-Batha

حسنِ بیاں: بحر: بحرِ رمل مسدس سالم

ارکان: فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدا تا انتہا تو آبطحی ہے
ہر زمن سے آشنا تو آبطحی ہے

نسبتِ بطحیٰ سے ملتی ہیں بہاریں
زندگی کا ارتقا تو آبطحی ہے

منقسم لوگو! چلو صدق و وفا سے
قافلوں کا رہنما تو آبطحی ہے

برسرِ کردار و سیرت اِک نمونہ
بے مثال و بے ریا تو آبطحی ہے

موجہء ادراک ہے میری مسافت
خوف کیا ہے؟ ناخدا تو آبطحی ہے

عَزِیزٌ

AZEEZ

حسنِ ترتیب:	27
ادائیگی:	عَ- زِیْ- زُنْ
مستعمل تلفظ:	عَ-زِیْ- زْ
ترجمہ:	پیارا۔عزت اور شان والا
	Noble, Dear
حسنِ بیاں:	بحر: بسیط مثمن مخبون
	ارکان: مفاعلن فعِلُن مفاعلن فعِلُن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ تاجدار مرے ، وہی عَزِیز مجھے
وہ غم گسار مرے ، وہی عَزِیز مجھے

وہی توجہِ وجودِ کائنات ہوئے
وہی حصار مرے ، وہی عَزِیز مجھے

اُنہیں خدا نے دیے مراتبِ دو جہاں
وہ افتخار مرے ، وہی عَزِیز مجھے

جو عاصیوں کے گنہ چھپا رہے ہیں یہاں
ہیں راز دار مرے ، وہی عَزِیز مجھے

محبتوں سے خدا پکارتا ہے جنہیں
وہی قرار مرے ، وہی عَزِیز مجھے

حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ

HARISON ALAIKUM

حسنِ ترتیب: 28

ادائیگی: حَ- رِیْ- صُنْ- عَ- لَے- کُمْ

مستعمل تلفظ: حَ- رِیْ- صُنْ- عَ- لَے- کُمْ

ترجمہ: تم پر توجہ مرکوز کرنے والا،تمہارا فکرمند

Full of concern for you

حسنِ بیاں: بحر: متقارب مثمن سالم

ارکان: فعولن فعولن فعولن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ رحمت شمائل، حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ
مرے دکھ میں شامل حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ

وہ سنتے ہیں اشکوں کی ہر داستاں کو
ستم کے مقابل حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ

ہماری طرف ہر گھڑی دیکھتے ہیں
ہیں منزل بہ منزل حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ

خوشی ہے مری جب بیانِ محمدؐ
بیانِ خصائل، حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ

گنہ گار دل! تُو پریشاں ہے کیونکر
ہیں رحمت پہ مائل حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ

لاثان >>>> ناصر ملک

رَؤُفٌ

RA'OOF

حسنِ ترتیب:	29
ادائیگی:	رَ- ءُوْ- فُنْ
مستعمل تلفظ:	رَ- ءُوْ- فْ
ترجمہ:	مہربان
	Mild, Kind
حسنِ بیاں:	بحر: خفیف مسدس سالم مخبون محذوف
	ارکان: فاعلاتن مفاعلن فعِلُن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سیکڑوں معجزے رَؤُف کے ہیں
ہر طرف تذکرے رَؤُف کے ہیں

تیرگی کے مقابلے میں فقط
نور کے قافلے رَؤُف کے ہیں

یہ احاطہ نہ کر سکا ہے کوئی
کس قدر مرتبے رَؤُف کے ہیں

پڑھ رہا ہوں کتابِ حسنِ نبی
ذہن میں واقعے رَؤُف کے ہیں

ظلم ہے دشمنِ خدا کا طریق
صبر کے فلسفے رَؤُف کے ہیں

رَحِیْمٌ

RAHEEM

حسنِ ترتیب: 30

ادائیگی: رَ- حِیْ- مُنْ

مستعمل تلفظ: رَ- حِیْ- مْ

ترجمہ: جس کے دل میں رحم ہو، شفیق، ہمدرد

Murciful, Kind

حسنِ بیاں: بحر: کامل مسدس سالم

ارکان: متَفاعلن متَفاعلن متَفاعلن متَفاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بخدا عظیم سخی رَحِیۡم و کریم ہے
کہ مقام و نامِ نبی رَحِیۡم و کریم ہے

یہ عنایتوں کا جہان جو ہے سجا ہوا
یہ اُسے روا جو غنی ، رَحِیۡم و کریم ہے

اُسے رحمتوں کا علم خدا نے تھما دیا
کہ اسی کی ذات بڑی رَحِیۡم و کریم ہے

ترے سامنے ہے جہانِ رب، کہیں دیکھ لے
کہ بجز نبی کے کوئی رَحِیۡم و کریم ہے

بے مثال ہے جو سخن نبی سے عطا ہوا
یہ کمال ہے تو وہی رَحِیۡم و کریم ہے

طٰہٰ

TAHA

حسنِ ترتیب:	31
ادائیگی:	طَا - ہَا
مستعمل تلفظ:	طَا - ہَا
ترجمہ:	قرآن کی سورہ کا عنوان۔حضرت محمدؐ کا لقب
	Surah of Quran 20:1
حسنِ بیاں:	بحر: ہزج مربع سالم
	ارکان: مفاعیلن مفاعیلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بشر کا رہ نما طٰہٰ
خدایا! ناخدا طٰہٰ

یہی ہے وردِ دل اپنا
محمدؐ مصطفیٰ طٰہٰ

نہیں کوئی بڑا لیکن
بزرگ و کبریا طٰہٰ

دِلوں پر راج کرتا ہے
دِلوں کا آشنا طٰہٰ

جہاں کی ابتدا اُن سے
جہاں کی انتہا طٰہٰ

لاثان <<<< ناصر ملک

مُجتَبیٰ

MUJTABA

حسنِ ترتیب:	32
ادائیگی:	مُج - تَ - بیٰ
مستعمل تلفظ:	مُج - تَ - باَ
ترجمہ:	منتخب ۔ پسندیدہ
	Elected
حسنِ بیاں:	بحر: مضارع مثمن اخرب محذوف
	ارکان: مفعول فاعلاتن مفعول فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُن کو نبی، ملائک جب مُجتبیٰ کہیں
ہم لوگ بھی تو مل کر سب مُجتبیٰ کہیں

یہ عشقِ مُرتضیٰ تو ہے عشقِ جاوداں
دل مصطفیٰ کہے تو لب مُجتبیٰ کہیں

اُن کو کیا گیا ہے مقصودِ کائنات
وہ ایک منتخب ہیں، تب مُجتبیٰ کہیں

ہم نے لیا ہے نامِ آقائے دوجہاں
ہر روز، ہر گھڑی، ہر شب مُجتبیٰ کہیں

وہ ذات خالقِ کُل ہے مائلِ سخا
وہ ذات منتظر ہے، کب مُجتبیٰ کہیں

طسٓ

TAASEEN

حسنِ ترتیب: 33

ادائیگی: طَا - سِیْ - نْ

مستعمل تلفظ: طَا - سِیْن

ترجمہ: قرآن کی سورۃ کا آغاز۔حضرت محمدؐ کا لقب

Surah of Quran 27:1

حسنِ بیاں: بحر: رجز مسدس مطوی
ارکان: مفتَعِلن مفتَعِلن مفتَعِلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کرب و مصیبت میں بھی طٰسٓ پڑھا
مَیں نے عنایت میں بھی طٰسٓ پڑھا

خُلدِ تصور میں پکارا ہے اُنھیں
بابِ شہادت میں بھی طٰسٓ پڑھا

حکم کی تعمیل ضروری تھی بہت
اپنی ضرورت میں بھی طٰسٓ پڑھا

مَیں نے اطاعت میں یہی وِرد کیا
اور محبت میں بھی طٰسٓ پڑھا

مالکِ کل! میں نے سدا اپنے لیے
تیری عبادت میں بھی طٰسٓ پڑھا

مُرتَضٰی

MURTAZA

حسنِ ترتیب: 34

ادائیگی: مُر- تَ -ضٰی

مستعمل تلفظ: مُر- تَ - ضَا

ترجمہ: مقبول ۔پسندیدہ

Favourit, Content

حسنِ بیاں: بحر: مضارع مثمن اخرب

ارکان: مفعول، فاعلاتان، مفعول، فاعلاتن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر ایک دل میں جو بس رہے ہیں، وہ مُرتَضیٰ ہیں
وہ مہر و ماہ سے جھانکتے ہیں، وہ مُرتَضیٰ ہیں

یہ خوانِ نعم و جود اُن کا حسنِ سخاوتِ دل
رحمت کی کہکشاں میں سجے ہیں، وہ مُرتَضیٰ ہیں

ہر خواب میں ہیں وہ، فکر میں ہیں، یقین میں وہ
ہر ایک میں ہیں، ہر ایک کے ہیں، وہ مُرتَضیٰ ہیں

مقبول کبریائیاں ہیں جن کو زمانوں بھر کی
سُوئے مدینہ جو چل پڑے ہیں، وہ مُرتَضیٰ ہیں

وہ پیش رو ہیں کہ جن کے نقشِ قدم ہیں رہبر
وہ جن کے پیچھے یہ قافلے ہیں، وہ مُرتَضیٰ ہیں

حٰمٓ

HAAMEEM

حسنِ ترتیب:	35
ادائیگی:	حَا - مِیْ - مْ
مستعمل تلفظ:	حَا - مِیْمْ
ترجمہ:	قرآن کی سورتوں کا آغاز۔حضرت محمدؐ کا لقب
	Begining of Suras 40-46
حسنِ بیاں:	بحر:منسرح مسدس مطوی مکسوف
	ارکان: مفتَعِلن فاعلن مفتَعِلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عشق میں عشاق حٰمٓ پڑھیں
ساتھ یہ آفاق حٰمٓ پڑھیں

شام وسحر، روز وشب، آٹھ پہر
دید کے مشتاق حٰمٓ پڑھیں

خوف وخطر میں یہی کام کرے
ورد کے مصداق حٰمٓ پڑھیں

ثبت لبوں پر ہوا نامِ نبی
خلقت و خلاق حٰمٓ پڑھیں

پاک صحیفہ ہے حٰمٓ بدست
شوق سے اوراق حٰمٓ پڑھیں

لاثان >>>> ناصر ملک

مُصطَفٰی

MUSTAFA

حسنِ ترتیب: 36

ادائیگی: مُص - طَ - فٰی

مستعمل تلفظ: مُص - طَ - فَا

ترجمہ: ممتاز۔برگزیدہ۔منظورِنظر۔برائیوں سے پاک کیا گیا

Chosen, Liked

حسنِ بیاں: بحر: مجتث مثمن مخبون

ارکان: مفاعلن فعِلا تن مفاعلن فعِلا تن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ندائے ارض وسما ہے کہ مُصطفٰی ہے محمدؐ
ظہور دل پہ ہوا ہے کہ مُصطفٰی ہے محمدؐ

وہ منتخب، وہ پسندیدہ ہے نظر میں خدا کی
خدا کا لکھا بجا ہے کہ مُصطفٰی ہے محمدؐ

خدا کی لاکھوں پسندیدہ ہستیاں ہیں جہاں میں
مگر خدا کی صدا ہے کہ مُصطفٰی ہے محمدؐ

میں اُس کے جود وسخا پر، عنایتوں پہ فدا ہوں
مجھے بھی اتنا پتا ہے کہ مُصطفٰی ہے محمدؐ

خدا شناس دِلوں پر بصد خلوصِ تمنا
یہی تو عقدہ کھلا ہے کہ مُصطفٰی ہے محمدؐ

یٰسٓ

YAASEEN

حسنِ ترتیب:	37
ادائیگی:	یَا - سِیْ - نْ
مستعمل تلفظ:	یَا - سِیْن
ترجمہ:	قرآن کی سورۃ۔حضرت محمدؐ کا لقب
	Surah of Quran 36:1
حسنِ بیاں:	بحر: مدید مثمن سالم
	ارکان: فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آبروئے سرمدی کون ہیں؟ یٰسٓ ہیں
اے صحائف! سیّدی کون ہیں؟ یٰسٓ ہیں

سورۃِ یٰسین کن کے نام سے منسوب ہے
اس جہاں کے ابجدی کون ہیں؟ یٰسٓ ہیں

لائق حمد و ثنا، لائق وصلِ خدا
تاجدارِ احمدی کون ہیں؟ یٰسٓ ہیں

تذکرہ کن کا ہوا جا بجا قرآن میں
آشنائے ایزدی کون ہیں؟ یٰسٓ ہیں

کون میرے مصطفیٰ، کون میرے مجتبیٰ
غم گسارِ اسودی کون ہیں؟ یٰسٓ ہیں

اَوْلیٰ

AOLAA

حسنِ ترتیب:	38
ادائیگی:	اَو- لیٰ
مستعمل تلفظ:	اَو- لاَ
ترجمہ:	اوصاف میں سب سے بہتر، برتر
	Most worthy
حسنِ بیاں:	بحر: رجز مثمن سالم ارکان: مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ اشرف المخلوق ہیں، اعلیٰ وہی، اَولیٰ وہی
ہر قول میں، ہر فعل میں یکتا وہی، اَولیٰ وہی

جود و سخا وصفِ نبیؐ، سایہ کشا ذاتِ نبیؐ
رحمت لیے افلاک سے اُترا وہی، اَولیٰ وہی

شمس و قمر میں روشنی، گل میں مہک، وجہِ خلق
حسنِ بشر، فیضِ یدِ طولیٰ وہی، اَولیٰ وہی

اک نُور میں سارے جہاں سارے زماں کا نور ہے
ہر عصر نے اکمل فقط دیکھا وہی، اَولیٰ وہی

وہ رحمت اللعالمیں، محبوبِ ربِ ذی حشم
اے مومنو! دنیا وہی، عقبیٰ وہی، اَولیٰ وہی

مُزَمِّلُ

MUZZAMMIL

حسنِ ترتیب: 39

ادائیگی: مُز - زَم - مِ - لُن

مستعمل تلفظ: مُز - زَم - مِل

ترجمہ: چادر میں لپٹا ہوا، کپڑے میں ڈھانپا ہوا

Wrapped

حسنِ بیاں: بحر: مقتضب مثمن سالم

ارکان: مفعولاتُ مستفعلن مفعولاتُ مستفعلن

لاثانی >>>> ناصر ملک

اک معصوم کالاکمل مُزَمِّل کی پہچان ہے
سارے قول وحسنِ عمل مُزَمِّل کی پہچان ہے

ظاہر میں وہ، باطن میں وہ، پوشیدہ بھی، بارز بھی ہیں
ہر انداز میں بے مثل مُزَمِّل کی پہچان ہے

جو بھی دیکھ، اس کے تناظر میں دیکھ، حق ہے یہی
ہر اک قدرتِ لم یزل مُزَمِّل کی پہچان ہے

میں تو مانگتا ہوں خدا سے امت کی بخشش سدا
لہجے کا یہ روشن کنول مُزَمِّل کی پہچان ہے

ہر انساں کے ہوں گے وہی یومِ حشر میں آشنا
ہاں! مابعد روزِ اجل مُزَمِّل کی پہچان ہے

لاثان >>>> ناصر ملک

وَلِیٌّ

WALI

حسنِ ترتیب: 40

ادائیگی: وَ - لِیْ - یُنْ

مستعمل تلفظ: وَ - لِیْ -

ترجمہ: مالک، آقا، دوست

Friend, Helper

حسنِ بیاں: بحر: رجز مثمن مطوی

ارکان: مفتَعِلن مفتَعِلن مفتَعِلن مفتَعِلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آس تو ہے پیاس بجھا دو گے مری، میرے وَلیؒ!
توڑتی ہے مجھ کو مری تشنہ لبی میرے وَلیؒ!

تیری سخاوت میں کمی ہو گی نہیں حشر تلک
در پہ فقیر اور سہی، اور سہی میرے وَلیؒ!

دید، تری دید، فقط دید عنایت ہو مجھے
مجھ پہ عنایات کا در کھول سخی! میرے وَلیؒ!

میرے بہی خواہ، مرے یار، مرے سایہ کشا
بڑھ کے تری ذات سے ہے ذات کوئی؟ میرے وَلیؒ!

کھول کبھی مجھ پہ جہانوں کے مفاہیم یہاں
کھول کبھی مجھ پہ مدینے کی گلی میرے وَلیؒ!

مُدَّثِّر

MUDDASSIR

حسنِ ترتیب: 41

ادائیگی: مُدْ - دَثْ - ثِ - رُنْ

مستعمل تلفظ: مُدْ - دَثْ - ثِرْ

ترجمہ: کپڑا اوڑھنے والا، قرآن کی سورۃ۔

Covered, Surah of Quran

حسنِ بیاں: بحر: بحر ہزج مسدس سالم

ارکان: مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسالت کا ملا منصب، وہ مُدَّثِّر
پکار اُٹھی خدائی سب ،وہ مُدَّثِّر

طفیلِ خوش ادا تا بہ سحر دم پھر
تلاشے گی ندائے شب وہ مُدَّثِّر

محمدؐ کو چھپا کر کالی کملی میں
نمایاں کر رہا ہے رب وہ مُدَّثِّر

اُترتا ہے سراجِ ہادیٔ عالم
زمانہ مانگتا ہے جب وہ مُدَّثِّر

دکھائی دیں گے ناصر میری نعتوں میں
عقیدت کے سبھی کوکب ،وہ مُدَّثِّر

مَتِینُ

MATEEN

حسنِ ترتیب: 42

ادائیگی: مَ- تیٰ- نُن

مستعمل تلفظ: مَ- تِینْ

ترجمہ: مضبوط، سنجیدہ، بردبار

Firm

حسنِ بیاں: بحر: طویل مثمن مقبوض

ارکان: فعولن مفاعلن فعولن مفاعلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطاعت، خلوصِ دل، گزارش مَتِینؔ کی
خدا کو پسند ہے پرستش مَتِینؔ کی

بشر کی حیات کو سلیقہ کہاں ملا
مہذب بنا گئی ہے کوشش مَتِینؔ کی

عطائے خدا پہ ناز تو ہے مجھے مگر
دلِ سوختہ! ہوئی سفارش مَتِینؔ کی

یہ ہم کو خود آگہی ہے جتنی ملی ہوئی
ہمارے دلوں پہ ہے نوازش مَتِینؔ کی

دکھاتی ہے راستا یہ منعم کو ہر گھڑی
جلاتی ہے کفر کو جو تابش مَتِینؔ کی

مُصَدِّقْ

MUSADDIQ

حسنِ ترتیب:	43
ادائیگی:	مُ- صَدْ- دِ- قُنْ
مستعمل تلفظ:	مُ- صَدْ- دِقْ
ترجمہ:	تصدیق شدہ۔سچ ثابت کرنے والا
	Who declares for true
حسنِ بیاں:	بحر: بسیط مثمن سالم
	ارکان: مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تیرہ شبی میں بنے مشعل مُصَدِّقِ نبی
سب حق پرستوں سے ہیں افضل مُصَدِّقِ نبی

دل نے کہا ہے خدا مالک مری جان کا
دل نے کہا ہے سرِ مقتل، مُصَدِّقِ نبی

سارا جہاں معترف ہے اُن کے کردار کا
وہ اپنی ہستی میں ہیں اکمل مُصَدِّقِ نبی

مانا گیا ہے اُنہیں سچا نبی حشر تک
منصب اُنہی کو ملا مُرسل مُصَدِّقِ نبی

وہ صادقوں سے ورا، ہر معتبر سے ورا
سچائیوں پر ہوا بادل مُصَدِّقِ نبی

طَیَّبُ

TAYYAB

حسنِ ترتیب: 44

ادائیگی: طَیْ - یَ - بُنْ

مستعمل تلفظ: طَیْ - یَ - بُنْ

ترجمہ: پاک ِ حلال

Good, Nice, Innocent

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مربع اشتر مقبوض مضاعف

ارکان: فاعلن مفاعلن فاعلن مفاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آ گہی ہے طَیِّبؐ، روشنی ہے طَیِّبؐ
اے خدا! مری کہی، ان کہی ہے طَیِّبؐ

دیکھ کر ملائکہ، خلقِ کل اور مصطفیٰ
آسماں نے کہہ دیا آدمی ہے طَیِّبؐ

اک مہک سی پھیلتی جا رہی ہے چار سو
دل نے جب کہا نبی آخری ہے طَیِّبؐ

بول چال مستند، لین دین معتبر
دشمنی میں ظرف تو دوستی ہے طَیِّبؐ

قادر و قدیر نے پاک باز کہہ دیا
کہہ دیا حضورؐ کی زندگی ہے طَیِّبؐ

نَاصِرُ

NASIR

حسنِ ترتیب:	45
ادائیگی:	نَا - صِ - رُنْ
مستعمل تلفظ:	نَا - صِرْ
ترجمہ:	مددگار، معاون، فتح ونصرت دینے والا
	Helper, Friend
حسنِ بیاں:	بحر: مضارع مسدس اخرب مکفوف
	ارکان: مفعول فاع لاتُ مفاعیلن

لاثان <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب کے دلوں میں نقش ملا نَاُصِرُ
انساں کے ساتھ ساتھ ہوا نَاُصِرُ

غربت سے، اضطراب و جہالت سے
ہر دکھ سے جنگ کرتا رہا نَاُصِرُ

حسنِ ادا نے بخش دیے عاصی
یوں عصر نے بھی دیکھ لیا نَاُصِرُ

نصرت نے اس کے سر پہ کیا سایا
دل سے کسی نے جب بھی کہا نَاُصِرُ

یہ راز سادہ سا ہے سنو لوگو!
جس کا وہ ہے، اسی کا خدا نَاُصِرُ

مَنْصُوْرْ

MANSOOR

حسنِ ترتیب:	46
ادائیگی:	مَنْ- صُوْ- رُنْ
مستعمل تلفظ:	مَنْ- صُوْ- رْ
ترجمہ:	فتح مند،جس کی اللہ نے مدد کی ہو
	Helped by God, Victorious
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مثمن مشکول مسکّن
	ارکان: مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر دل کی پاسبانی مَنصُورؔ کو ملی ہے
گویا کہ حکمرانی مَنصُورؔ کو ملی ہے

توصیفِ مجتبیٰ ہے مقصودِ زندگانی
لفظوں کی قدر دانی مَنصُورؔ کو ملی ہے

اللہ جھانکتا ہے ہر قولِ مصطفیٰ میں
یزداں کی ترجمانی مَنصُورؔ کو ملی ہے

نصرت خدا کی ہر اِک ساعت اُنہیں میسر
یہ مہر و مہربانی مَنصُورؔ کو ملی ہے

وہ شاہِ حسن، شہرِ انوار، ماہِ کامل
یہ تاب و ضوفشانی مَنصُورؔ کو ملی ہے

مِصبَاحُ

MISBAH

حسنِ ترتیب:	47
ادائیگی:	مِص - بَا - حُن
مستعمل تلفظ:	مِص - بَا - حْ
ترجمہ:	چراغ، روشن کرنے والا
	Lamp
حسنِ بیاں:	بحر: سریع مسدس سالم ارکان: مستفعلن مستفعلن مفعولاتُ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرفان کے روشن منارے مِصبَاح
احمدؐ ہمارے ہیں ہمارے مِصبَاح

ہر علم تو اس نام سے ہے منسوب
بن کے ضیا اترے ہیں پیارے مِصبَاح

کرنیں طواف اس کا کریں صبح و شام
جب غم زدہ دل سے پکارے مِصبَاح

دے کر علوم ِ دین و دنیا بے دام
ہم مفلسوں کے دن سنوارے مِصبَاح

روشن ، ضیا افروز، تابش، پر نور
تیرہ شبی میں ہیں سہارے مِصبَاح

آمِرٌ

AAMIR

حسنِ ترتیب: 48

ادائیگی: آ - مِ - رُنْ

مستعمل تلفظ: آ - مِرْ

ترجمہ: حکم دینے والا

Commander

حسنِ بیاں: بحر: رجز مسدس سالم

ارکان: مستفعلن مستفعلن مستفعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر حکم سے ظاہر وہی، اُمرؔ وہی
اول وہی آخر وہی، اُمرؔ وہی

قانون سے جس نے ہمیں واقف کیا
تفسیر کا ماہر وہی، اُمرؔ وہی

حرفِ خدا، حکمِ خدا، نامِ خدا
ذکرِ خدا، ذاکر وہی، اُمرؔ وہی

برحق نبیؐ نے جو کہا، وہ ہو گیا
یہ سحر تھا، ساحر وہی، اُمرؔ وہی

عبدِ خدا سے ہے خدا کا رابطہ
اور درمیاں مخبر وہی، اُمرؔ وہی

حِجَاُزِیؒ

HIJAZI

حسنِ ترتیب: 49

ادائیگی: حِ - جَاْ - زِیْ - یُن

مستعمل تلفظ: حِ - جَاْ - زِیْ

ترجمہ: حجاز والا۔حجاز (مکہ،مدینہ واطراف) کا باشندہ

From Hijaz

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مسدس محذوف

ارکان: مفاعیلن مفاعیلن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درخشندہ ستارا ہے حجازیؐ
غریبوں کا سہارا ہے حجازیؐ

عرب مسعود ہے جس پر خدا نے
محبت سے اُتارا ہے حجازیؐ

گنہ گارو! درِ توبہ کھلا ہے
کہ رحمت کا اشارہ ہے حجازیؐ

مجھے دیدار کی نعمت عطا ہو
تجھے دل سے پکارا ہے حجازیؐ

بجز تقویٰ نہیں برتر کوئی بھی
ہمارا ہے، تمہارا ہے حجازیؐ

نَزَارِیؒ

NAZARI

حسنِ ترتیب: 50

ادائیگی: نَ- زَاْ- رِیْ- یُن

مستعمل تلفظ: نَ- زَاْ- رِیْ

ترجمہ: نزاری

Nazari

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مسدس اخرب مقبوض محذوف

ارکان: مفعول مفاعلن فعولن

لاثانی <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آوازِ قلندری نزَاْدِیؒ
اسفارِ پیمبری نزَاْدِیؒ

اللہ کے بعد اس جہاں میں
ہے آپ کی برتری نزَاْدِیؒ

قربان ترے عروج پر میں
قرباں درِ سروری نزَاْدِیؒ

ہر حسن کہ ہے فدا اُسی پر
ہر زُعمِ دلاوری نزَاْدِیؒ

بے بس کا حمایتی وہی ہے
اور ضربِ سکندری نزَاْدِیؒ

قُرَشِیؓ

QURASHI

حسنِ ترتیب:	51
ادائیگی:	قُ- رَ - شِیْ- یُنْ
مستعمل تلفظ:	قُ- رَ - شِیْ
ترجمہ:	عرب کے ممتاز قبیلے قریش کا
	From Quraish Tribe
حسنِ بیاں:	بحر: رجز مثمن مخبون مطوی
	ارکان: مفاعلن مفتعلن مفاعلن مفتعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عطائے یزداں سے ہمیں ملے ہیں سید قُرَشِیؒ
نصیب سے سایہ کشا ہوئے محمد قُرَشِیؒ

یہ خلقِ آدم، یہ زمیں، یہ پھول پودے، یہ جہاں
سبھی زمانے اسے ہی کہیں گے سرمد قُرَشِیؒ

ہمیں نیا عصرِ اطاعت و وفا جس نے دیا
دل آشنا ہے وہ خدا شناس احمد قُرَشِیؒ

وہی تو ہے رحمتِ کل وہی تو ہے نورِ جہاں
ہزاروں صدیوں پہ محیط ہے یہ برگد قُرَشِیؒ

میں کس طرح سے کسی اور کی غلامی میں رہوں
وہی تو ہے رہبرِ دل، وہی ہے امجد قُرَشِیؒ

مُضَرِیُّ

MODARI / MODARI

حسنِ ترتیب:	52
ادائیگی:	مُ- ضَ/ دَ- رِیْ- یُن
مستعمل تلفظ:	مُ- ضَ/ دَ- رِیْ
ترجمہ:	مضر سے متعلق
	From Modar Tribe
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مثمن مخبون محذوف
	ارکان: فعِلا تن فعِلا تن فعِلا تن فعِلن

لاثان >>>>ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ ہر اِک دل کی تمنا ہے، طلب ہے مُضَرِیؐ
وہ کہ اعلیٰ ہے بڑا نام و نسب ہے مُضَرِیؐ

مجھے کچھ خوف نہیں حشر کے لمحوں کا ذرا
کہ وہاں شاہِ عجم، شاہِ عرب ہے مُضَرِیؐ

درِ اقدس پہ نچھاور رہیں دل و جاں بھی مرے
بشریت کی معافی کا سبب ہے مُضَرِیؐ

زر و دولت کے سہارے کی تمنا تو نہیں
طلبِ دل بھی ہے کیا، دل نشیں جب ہے مُضَرِیؐ

تری تعریف زمانوں پہ سدا چھائی رہی
دِلوں کے بادشہا! تیرا لقب ہے مُضَرِیؐ

نَبِیُّ التَّوبَة

NABI UT TAUBA

حسنِ ترتیب:	53
ادائیگی:	نَ- بِیْ- یُتْ- تَوْ - بَہْ/بَتْ
مستعمل تلفظ:	نَ- بِیْ- یُتْ- تَوْ - بَہْ
ترجمہ:	توبہ کا نبی
	the Prophet of repentance
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مثمن سالم مخبون محذوف مسکن
	ارکان: فاعلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعْلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِک حسیں نامِ پیمبر ہے نَبِیُّ التَّوبَہْ
ہر سکندر کا سکندر ہے نَبِیُّ التَّوبَہْ

خوف کیا حشر کے دن کا ہو مجھے بھی لاحق
نام جب میرے لبوں پر ہے نَبِیُّ التَّوبَہْ

ہم نے ہر ایک قلندر سے یہی سیکھا ہے
رہنما شاہِ قلندر ہے نَبِیُّ التَّوبَہْ

حسنِ تکرارِ ہدایت کا امیں ہے احمدؐ
بانیٔ عصرِ مظفر ہے نَبِیُّ التَّوبَہْ

سلسلہ ہائے رسل پاک یہاں تک پہنچا
بحرِ عرفاں کا شناور ہے نَبِیُّ التَّوبَہْ

حَاُفِظُ

HAFIZ

حسنِ ترتیب: 54

ادائیگی: حَاُ - فِ - ظُن

مستعمل تلفظ: حَاُ - فِظ

ترجمہ: حفاظت کرنیوالا، نگہبان

Preserver

حسنِ بیاں: بحر: متقارب مسدس محذوف

ارکان: فعولن فعولن فعَل

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عدیموں کا حافظ نبی
ندیموں کا حافظ نبی

غریب و مساکین کا
یتیموں کا حافظ نبی

ہے گمراہ کا آسرا
نعیموں کا حافظ نبی

حکیم و علیم و سلیم
نعیموں کا حافظ نبی

کہ موجود و آئندہ کا
قدیموں کا حافظ نبی

کَاْمِلُ

KAMIL

حسنِ ترتیب: 55

ادائیگی: کَاْ- مِ- لُن

مستعمل تلفظ: کَاْ- مِل

ترجمہ: مکمل ۔بے عیب

Perfect

حسنِ بیاں: بحر:طویل مثمن سالم

ارکان :فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن

لاثان >>>>ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مری آ گہی کہتی ہے میرا نبی کامِل
اُسی کی جہاں بھر میں ہے پاکیزگی کامِل

حیاتِ محمدؐ ہی مثالِ اطاعت ہے
خدا کے جہاں میں اک وہی زندگی کامِل

رہِ علم و عرفاں سے یہ معلوم ہوتا ہے
حقیقت میں شہرِ علم کی روشنی کامِل

اطاعت وفاداری سے مشروط ہوتی ہے
نبیؐ کے غلاموں کی غلامی رہی کامِل

فقط ذاتِ احمدؐ میں نہیں ہے کوئی خامی
مری جستجو اکمل، مری دل لگی کامِل

صَادِقُ

SADIQ

حسنِ ترتیب:	56
ادائیگی:	صَا- دِ- قُن
مستعمل تلفظ:	صَا- دِقْ
ترجمہ:	سچا۔راست گو
	True
حسنِ بیاں:	بحر: مجتث مثمن مخبون محذوف مسکن
	ارکان: مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعْلن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ حق پرست، آئینہ خصال ہیں صادقؔ
مخالفوں کے لیے بھی مثال ہیں صادقؔ

اُنہی کی ذات سے اشرف ہماری ذات ہوئی
وہ صاف گو ہیں، درِ ذوالجلال ہیں صادقؔ

سخاوتیں ہوں یا پھر عدلِ دنیاداری ہو
ہر اِک ادا میں سراپا جمال ہیں صادقؔ

تمام خلقِ خدا کے لیے عنایت ہیں
سبھی زمانوں کا مال ومنال ہیں صادقؔ

خیال رکھا انہوں نے سدا توازن کا
معاملاتِ جہاں میں کمال ہیں صادقؔ

اَمِیْنُ

AMEEN

حسنِ ترتیب:	57
ادائیگی:	اَ - مِیْ - نُنْ
مستعمل تلفظ:	اَ - مِیْن
ترجمہ:	لائقِ اِمانت، معتبر
	Trustworthy
حسنِ بیاں:	بحر: ہزج مثمن مقبوض سالم
	ارکان: مفاعلن مفاعیلن مفاعلن مفاعیلن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خسارہ ہو نہیں سکتا جہاں آمین ہوتے ہیں
پلک پلک منور ہے یہاں آمین ہوتے ہیں

وفا کا آئنہ تو ہے حیاتِ پاک مرسلؐ کی
غریب شخص کے دل میں نہاں آمین ہوتے ہیں

وضو کراتی ہے شبنم کرن سے پہلے پتیوں کا
گلوں کی مسکراہٹ سے عیاں آمین ہوتے ہیں

بقائے زندگی تو ہے طلوعِ ماہِ تاباں سے
قلوبِ عصر میں تو ضوفشاں آمین ہوتے ہیں

خلوصِ طاعتِ رب مقصدِ حیات گر ہو تو
وفورِ شوق میں لب سے بیاں آمین ہوتے ہیں

لاثان >>>> ناصر ملک

عَبدُاللہ

ABDULLAH

حسنِ ترتیب:	58
ادائیگی:	عَب - دُل - لَا - ہ
مستعمل تلفظ:	عَب - دُل - لَا - ہ
ترجمہ:	اللہ کا بندہ، اللہ کا عبادت گزار
	Allah's servant
حسنِ بیاں:	بحر: متقارب مسدس مضاعف
	ارکان: فعْل فعولن فعلن فعْل فعولن فع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ارض و سما نے عَبْدُ اللہ کو مانگا ہے
ذوقِ خدا نے عَبْدُ اللہ کو مانگا ہے

فیضِ عبادت کا حاصل ہو، زہے قسمت!
حرفِ دعا نے عَبْدُ اللہ کو مانگا ہے

جود و سخا بھی سچا روپ ہے قدرت کا
دستِ عطا نے عَبْدُ اللہ کو مانگا ہے

کُن کے مناظر اُس کی دید کے شیدا تھے
عصرِ جزا نے عَبْدُ اللہ کو مانگا ہے

رات بھی حیرت میں گم صم ہے عبادت پر
اِذن و رضا نے عَبْدُ اللہ کو مانگا ہے

کَلِیمُ اللہ

KALEEMULLAH

حسنِ ترتیب: 59

ادائیگی: کَ- لِیْ- مُلْ- لَا- ہْ

مستعمل تلفظ: کَ- لِیْ- مُلْ- لَا- ہْ

ترجمہ: اللہ سے گفتگو کرنے والا

Whom Allah had talked

حسنِ بیاں: بحر: رمل مثمن سالم

ارکان: فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام سانسوں سے گزارا تھا کلیمُ اللہ دل نے
کھل گئے سب در، پکارا تھا کلیمُ اللہ دل نے

گفتگو یزداں سے اُن کی نقش بر آب و زمیں ہے
صفحے صفحے پر اُبھارا تھا کلیمُ اللہ دل نے

بزمِ اسمائے نبی شوقِ دل و جاں سے سجائی
عمر بھر تحفہ شمارا تھا کلیمُ اللہ دل نے

مجھ سے ملنے سارے منظر اپنی تابانی سے نکلے
میری آنکھوں سے نکھارا تھا کلیمُ اللہ دل نے

رازِ دنیا، بابِ عُقبیٰ ساعتوں میں کھل گئے جب
اپنی ہستی میں اُتارا تھا کلیمُ اللہ دل نے

حَبِیْبُ اللّٰه

HABIBULLAH

حسنِ ترتیب: 60

ادائیگی: حَ - بِیْ - بُلْ - لَاْ - ہْ

مستعمل تلفظ: حَ - بِیْ - بُلْ - لَاْ - ہْ

ترجمہ: اللہ کا دوست

Allah's beloved friend

حسنِ بیاں: بحر: رمل مسدس محذوف

ارکان: فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا نوازش کی حَبِیْبُ اللہ نے؟
ہاں! سفارش کی حَبِیْبُ اللہ نے

ایسے کوئی رحمتیں نازل کرے؟
جیسے بارش کی حَبِیْبُ اللہ نے

شوق سے دیکھا خدا نے، مرحبا!
جب پرستش کی حَبِیْبُ اللہ نے

بولنے سے پیشتر پوری ہوئی
جو بھی خواہش کی حَبِیْبُ اللہ نے

اُمتی کی مغفرت درکار تھی
جب گزارش کی حَبِیْبُ اللہ نے

نَجِیُّ اللہ

NAJIULLAH

حسنِ ترتیب: 61

ادائیگی: نَ- جِیْ- یُلْ- لَاْ - ہْ

مستعمل تلفظ: نَ- جِیْ- یُلْ- لَاْ - ہْ

ترجمہ: خدا کا ہم کلام دوست

Allah's intimate friend

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مربع اشتر

ارکان: فاعلن مفاعیلا ن

لاثان <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کبریا نبیؐ اللہ
مصطفیٰ نبیؐ اللہ

حاصلِ عبادت اور
مدعا نبیؐ اللہ

ہے لبوں پہ میرے وِرد
مرحبا نبیؐ اللہ

کرتے ہیں خدا سے بات
بے ریا نبیؐ اللہ

مل گئے سبھی انوار
جب ملا نبیؐ اللہ

لاثان >>>> ناصر ملک

صَفِیُّ اللہ

SAFIULLAH

حسنِ ترتیب:	62
ادائیگی:	صَ- فِیْ - یُلْ- لَا - ہْ
مستعمل تلفظ:	صَ- فِیْ - یُلْ- لَا - ہْ
ترجمہ:	اللہ کا مخلص دوست
	Allah's sincere friend
حسنِ بیاں:	بحر: متقارب مربع مضاعف
	ارکان: فعِلُ فعول فعولن فع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یارِ خدا ہے صَفِیُّ اللہ
نورِ ہدا ہے صَفِیُّ اللہ

راز خدا کا نبی جانے
نکتہ رسا ہے صَفِیُّ اللہ

خوف نہیں کوئی بھی ہم کو
سایہ کشا ہے صَفِیُّ اللہ

مل کے خدا سے دعا مانگیں
فیضِ دعا ہے صَفِیُّ اللہ

در پہ جو لایا ہے دل اپنا
تیرا گدا ہے صَفِیُّ اللہ!

خَاتِمُ الْاَنْبِیَآء

KHATIM UL AMBIYA

حسنِ ترتیب: 63

ادائیگی: خَاْ - تِ - مُلْ - اَمْ - بِ - یَاْ - ء

مستعمل تلفظ: خَاْ - تِ - مُلْ - اَمْ - بِ - یَاْ

ترجمہ: آخری نبی

Last Prophet

حسنِ بیاں: بحر: متقارب مثمن محذوف

ارکان: فعولن فعولن فعولن فعَل

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سراجِ ہُدا، خَاْتِمُ الْاَنْبِیَآء
وہ بدر الدجیٰ، خَاْتِمُ الْاَنْبِیَآء

یقیں ہے مجھے، میرا ایمان ہے
مرے مصطفیٰ، خَاْتِمُ الْاَنْبِیَآء

یہ نورِ سخا ، یہ ظہورِ بقا
یہ دستِ عطا، خَاْتِمُ الْاَنْبِیَآء

زہے! مصطفیٰ ہیں نبی حشر تک
خدا نے کہا، خَاْتِمُ الْاَنْبِیَآء

ازل تا ابد وہ امامِ زماں
وہی انتہا، خَاْتِمُ الْاَنْبِیَآء

حَسِیْبُ

HASEEB

حسنِ ترتیب:	64
ادائیگی:	حَ - سِیْ - بُنْ
مستعمل تلفظ:	حَ - سِیْ - بْ
ترجمہ:	حساب لینے والا۔کفایت کرنیوالا
	Respected , Ombudsman
حسنِ بیاں:	بحر: مقتضب مثمن مطوی
	ارکان: فاعلاتُ مفتعلن فاعلاتُ مفتعلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عینِ وصفِ جود و سخا میں حسیبؔ نام ملا
مصطفیٰ کو عشقِ خدا میں حسیبؔ نام ملا

اک وہی ہیں منزلتِ ارتقاع پر کہ جنہیں
لا مکان و ارض و سما میں حسیبؔ نام ملا

ابتدائے عصر میں اُن کو ملا مقامِ بقا
انتہا کے جوشِ عطا میں حسیبؔ نام ملا

اور کون لائقِ تحسین جس پہ ناز کریں
اور کس کو اجرِ وفا میں حسیبؔ نام ملا

محترم تو اور بھی آئے جہاں میں بیش بہا
اک اُنہی کو تختِ ورا میں حسیبؔ نام ملا

مُجِیبُ

MUJEEB

حسنِ ترتیب:	65
ادائیگی:	مُ - جِیْ - بُنْ
مستعمل تلفظ:	مُ - جِیْ - بْ
ترجمہ:	جواب دینے والا
	Replying
حسنِ بیاں:	بحر: متقارب مثمن اثرم مقبوض
	ارکان: فعْلُ فعول فعول فعولن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسمِ حبیب مُجِیب ہے بیشک
زعمِ غریب مُجِیب ہے بیشک

محوِ کلام وہی ہے خدا سے
اتنے قریب مُجِیب ہے بیشک

علم ہے نور، سوال کرن ہے
نورِ حسیب مُجِیب ہے بیشک

پوچھی گئی ہے انہی سے ہر اِک بات
گویا مجیب مُجِیب ہے بیشک

بخت طفیلِ رسولِ خدا ہے
دارِ نصیب مُجِیب ہے بیشک

شُکُورْ

SHOKOOR

حسنِ ترتیب: 66

ادائیگی: شُ- کُو- رُنْ

مستعمل تلفظ: شُ- کُو- رْ

ترجمہ: کثرت سے شکر کرنے والا

Most Grateful

حسنِ بیاں: بحر: رجز مثمن مطوی مخبون

ارکان: مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن

لاثانی <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یومِ ازل سے حشر تک تخت نشیں شُکُورؔ ہیں
ربِ جہاں کے روبرو سجدہ گزیں شُکُورؔ ہیں

کچھ بھی نہیں ہے ماسوا شکر گزارِ ذوالجلال
میرا گماں، تدبر و فکر و یقیں شُکُورؔ ہیں

فخرِ جہاں ہیں وہ مسیحائے ضعیف و بے کساں
نازِ فلک شکور ہیں، زعمِ زمیں شُکُورؔ ہیں

جس نے بھی اس حیات کا رازِ دوام پا لیا
اس کی نظر میں جلوہ گر نورِ مبیں شُکُورؔ ہیں

تابِ وفورِ شوق نے عصرِ بتاں کے سامنے
رکھا ہوا ہے فلسفہ ماہ جبیں شُکُورؔ ہیں

مُقْتَصِدْ

MUQTASID

حسنِ ترتیب: 67

ادائیگی: مُق - تَ - صِ - دُنْ

مستعمل تلفظ: مُق - تَ - صِدْ

ترجمہ: درمیانی راہ/ راہِ راست پر چلنے والا،

Adopting a middle course

حسنِ بیاں: بحر: منسرح مثمن مطوی مکسوف

ارکان: مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُن کو عطا ہو گیا اسمِ شرف، مُقْتَصِدٌ
راست بیانی کا ہے حُسنِ ہدف، مُقْتَصِدٌ

علم اُسی راہ پر جس کے ہیں وہ راہبر
نورِ سراج و قمر، نورِ صدف مُقْتَصِدٌ

حشر تلک ساتھ ہے فرش پہ ہے جا گزیں
دل میں لیے جُود کا زُعمِ شغف مُقْتَصِدٌ

فکرِ عیاں سے ہوئی بیچ کی رہ ضوفشاں
سب کو چلاتا گیا رب کی طرف مُقْتَصِدٌ

ایک طرف کربلا سج گیا تھا ریت پر
ایک طرف بس گیا شہرِ نجف، مُقْتَصِدٌ!

رَسُوْلُ الرَّحْمَةْ

RASOOL UR RAHMAT

حسنِ ترتیب:	68
ادائیگی:	رَ- سُوْ- لُرْ- رَحْ- مَتْ/مَہْ
مستعمل تلفظ:	رَ- سُوْ- لُرْ- رَحْ- مَتْ
ترجمہ:	رحمت کا پیامبر
	The messenger of murcy
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مسدس سالم مخبون محذوف مسکن
	ارکان: فاعلاتن فعِلاتن فعْلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ عنایاتِ رَسُوْلُ الرَّحْمَة
مرحبا! ذاتِ رَسُوْلُ الرَّحْمَة

ہیں یقیناً یہ خدا کی باتیں
قول و حرکاتِ رَسُوْلُ الرَّحْمَة

بندگی ، فکرِ رضا ، دردِ دل
ہیں کمالاتِ رَسُوْلُ الرَّحْمَة

مظہرِ ذوقِ خدا دیکھے ہیں
حسنِ حالاتِ رَسُوْلُ الرَّحْمَة

فوق الادراک شمارِ رحمت
بحرِ برکاتِ رَسُوْلُ الرَّحْمَة

قَوِیُّ

QAWI

حسنِ ترتیب:	69
ادائیگی:	قَ- وِیْ- یُن
مستعمل تلفظ:	قَ- وِیْ
ترجمہ:	مضبوط
	Strong
حسنِ بیاں:	بحر: سریع مسدس مطوی مکسوف
	ارکان: مفتعلن مفتعلن فاعلن

لاثان <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میرا ولی، میرا نبی ہے قوِیؐ
جس کا ہے کردار قوی ہے قوِیؐ

حشر تلک تاج سرِ مصطفیؐ
حشر تلک ذات بڑی ہے قوِیؐ

مجھ کو تری دید عطا ہو کبھی
مجھ سے مری تشنہ لبی ہے قوِیؐ

روزِ ازل تا بہ جزا دیکھیے
دہر میں اِک نام وہی ہے قوِیؐ

ذکرِ محمدؐ سے ملی روشنی
جس کو ملی، جتنی ملی ہے قوِیؐ

حَفِیُّ

HAFI

حسنِ ترتیب:	70
ادائیگی:	حَ - فِی - یُن
مستعمل تلفظ:	حَ - فِی - یُن
ترجمہ:	عقلمند،مہربان
	Well informed
حسنِ بیاں:	بحر: ہزج مسدس اخرم اشتر محذوف
	ارکان: مفعولن فاعلن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عقبیٰ کا راستہ حَفِیؓ
قدرت کا معجزہ حَفِیؓ

آدم سے آخری بشر تک
رحمت کا سلسلہ حَفِیؓ

یزداں سے استوار کر دے
انساں کا رابطہ حَفِیؓ

لاکھوں ہیں صاف دل جہاں میں
اعلیٰ تر آئینہ حَفِیؓ

ہر دل پر منکشف ہوا ہے
ایماں کا ضابطہ حَفِیؓ

مَأمُونٌ

MAMOON

حسنِ ترتیب: 71

ادائیگی: مَا - مُو - نُن

مستعمل تلفظ: مَا - مُو - نْ

ترجمہ: پُرامن، محفوظ

Safe, Trusted, Peacefu;

حسنِ بیاں: بحر: مدید مثمن سالم مخبون
ارکان: فاعلاتن فعِلُن فاعلاتن فعِلُن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لاشعوری سے سوالات مَاْمُوْں سے ہیں
اور پھر سارے جوابات مَاْمُوْں سے ہیں

آدمی کو جو بقا دیتا ہے دینِ مبیں
یہ روایات و کرامات مَاْمُوْں سے ہیں

یہ حسیں درسِ اطاعت دیا اُس نے ہمیں
دل شناسائے ملاقات مَاْمُوْں سے ہیں

خوش نصیبوں کے لیے میرے رب کی بخدا
جس قدر بھی ہیں عنایات مَاْمُوْں سے ہیں

زندگی کا یہ سلیقہ محمدؐ کی عطا
یہ جمادات و نباتات مَاْمُوْں سے ہیں

مَعْلُوْمْ

MALOOM

حسنِ ترتیب: 72

ادائیگی: مَعْ - لُوْ - مُنْ

مستعمل تلفظ: مَعْ - لُوْ - مْ

ترجمہ: جانا ہوا،تمیز کیا ہوا،مشہور

Well known

حسنِ بیاں: بحر: متقارب اثلم سالم مضاعف

ارکان: فعلن فعولن فعلن فعولن

لاثان <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایمان تجھ پر مَعْلُوْم آقا!
قربان تجھ پر مَعْلُوْم آقا!

سب کچھ ہویدا، ظاہر ہوا جب
رحمان تجھ پر مَعْلُوْم آقا!

دنیا، وہ عقبیٰ، وہ امتحاں بھی
آسان تجھ پر مَعْلُوْم آقا!

کون و مکاں کی تقدیر بھی ہے
حیران تجھ پر مَعْلُوْم آقا!

قسمت! فلک سے نازل ہوا ہے
قرآن تجھ پر مَعْلُوْم آقا!

حَقُّ

HAQ'

حسنِ ترتیب: 73

ادائیگی: حَق - قُن

مستعمل تلفظ: حَق

ترجمہ: سچ

Truth

حسنِ بیاں: بحر: خفیف مسدس مخبون مجحوف

ارکان: فعِلا تن مفاعلن فع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرِ آغاز مصطفیٰ حق
درِ محشر سے آشنا حق

جزِ حق ذات کبریا کی
زہے قسمت زہے رضا حق

اُسے خوفِ فنا نہیں ہے
وہی وقفِ درِ بقا حق

ترے من میں صداقتیں ہیں
بخدا تُو ہی برملا حق!

نہیں کوئی مرا، فقط تُو
ہو بیاں تیری ثنا حق!

لاثانی >>>> ناصر ملک

مُبِیُنٌ

MUBEEN

حسنِ ترتیب: 74

ادائیگی: مُ - بِیْ - نُنْ

مستعمل تلفظ: مُ - بِیْ - نْ

ترجمہ: روشن ۔صاف

Clear, Evident, Lightened

حسنِ بیاں: بحر:طویل مثمن سالم مقبوض

ارکان:فعولن مفاعیلن فعولن مفاعلن

لاثان >>>>ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلی ہے یہاں شمعِ صحائف مُبِیْن سے
ملے ہیں زمانوں کو معارف مُبِیْن سے

نجانے قیامت کے زمانے میں کس طرح
ملے گا اجالوں کا مخالف مُبِیْن سے

وہ روشن، وہ ظاہر، وہ عیاں تر، وہ ضوفشاں
چمکتے ہوئے تارے ہیں واقف مُبِیْن سے

یہ مہر و محبت، یہ عنایت، سخاوتیں
عطائیں مبیں سے ہیں، تحائف مُبِیْن سے

وہ مظہر خدا کی طاقتوں کے ہیں اِس لیے
رہے سرکش و فرعون خائف مُبِیْن سے

مُطِیُعٌ

MUTEE'

حسنِ ترتیب:	75
ادائیگی:	مُ- طِیْ- عُنْ
مستعمل تلفظ:	مُ- طِیْ- عِ
ترجمہ:	فرمانبردار،اطاعت مند
	Obedient
حسنِ بیاں:	بحر: متدارک مثمن سالم مقطوع
	ارکان: فاعلن فاعلن فاعلن فعِلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ تری سلطنت ہے مُطِیعِ خدا
تُو شہِ آخرت ہے مُطِیعِ خدا

حسنِ تسلیم نے کر دیا ہے بیاں
والیءِ معرفت ہے مُطِیعِ خدا

مجھ گنہ گار پر ہو کرم کہ مری
پُرخطر عاقبت ہے مُطِیعِ خدا!

عاصیوں کو جہنم کا خوف نہیں
بر سرِ مغفرت ہے مُطِیعِ خدا

میرے الفاظ سایہ کشا ہو گئے
حاصلِ منقبت ہے مُطِیعِ خدا

اَوَّلُ

AWWAL

حسنِ ترتیب: 76

ادائیگی: اَوْ- وَ- لُنْ

مستعمل تلفظ: اَوْ- وَلْ

ترجمہ: پہلا

First

حسنِ بیاں: بحر: خفیف مسدس سالم مخبون مجحوف

ارکان: فاعلاتن مفاعلن فع

لاثان <<<< ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آپؐ کو ہی جنابِ اَوّل
کہہ رہی ہے کتابِ اَوّل

آپؐ وجہِ وجودِ دنیا
آپؐ عزت مآب اَوّل

اپنی تخلیق پر خدا نے
لکھ دیا انتسابِ اَوّل

باعثِ اہتمامِ کعبہ
باعثِ انقلابِ اَوّل

معتبر ذاتِ مصطفیٰؐ کی
اولیں انتخابِ اَوّل

لاثان >>>> ناصر ملک

آخِرُ

AAKHIR

حسنِ ترتیب: 77

ادائیگی: آ- خِ- رُنْ

مستعمل تلفظ: آ - خِرْ

ترجمہ: پچھلا۔آخری

Last

حسنِ بیاں: بحر: رمل مثمن مخبون محذوف مسکن

ارکان: فعِلا تن فعِلا تن فعِلا تن فعْلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بے سہاروں کیلئے جائے اماں ہے اٰخِرُ
دلِ مسکیں، دلِ مفلس میں نہاں ہے اٰخِرُ

ہے مجھے ناز مرے لب پہ درود اُن کا ہے
زہے تقدیر قریبِ رگِ جاں ہے اٰخِرُ

سرِ محشر وہی لائے گا پیامِ رحمت
ملکِ دیں، ملکِ کون و مکاں ہے اٰخِرُ

مری ہستی کو فنا کا نہیں کوئی خطرہ
کہ میں زندہ ہوں مرا وردِ زباں ہے اٰخِرُ

تا ابد بھٹکے ہوؤں کو وہ سہارا دے گا
دہر میں گونجتی آوازِ اذاں ہے اٰخِرُ

لاثان >>>> ناصر ملک

ظَاْھِرُ

ZAHIR

حسنِ ترتیب: 78

ادائیگی: ظَاْ - ہِ - رُنْ

مستعمل تلفظ: ظَاْ - ھِرُ

ترجمہ: واضح ِکھلا ہوا

Open, Clear, Outward

حسنِ بیاں: بحر: رمل مسدس مخبون محذوف مسکن

ارکان: فعِلا تن فعِلا تن فعْلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہی بس ایک پیمبر ظَاُہِرُ
نظر و دل پہ اُجاگر ظَاُہِرُ

نہ چھپا ہے، نہ چھپے گا دیکھو
نظروں میں ہے برابر ظَاُہِرُ

کڑے وقتوں میں رہا مستحکم
ہوگیا قلب ِدلاور ظَاُہِرُ

شجرِ سایہ کشا مذہب میں
گل ِ ہاشم ہے معطر ظَاُہِرُ

دلِ عاشق پہ ہویدا ہیں وہ
رخِ انور ہے بشر پر ظَاُہِرُ

لاثان >>>> ناصر ملک

بَاْطِنُ

BATIN

حسنِ ترتیب:	79
ادائیگی:	بَاْ- طِ- نُن
مستعمل تلفظ:	بَاْ- طِن
ترجمہ:	چھپا ہوا۔اندرونی
	Inward, Inner
حسنِ بیاں:	بحر: متدارک مسدس سالم
	ارکان: فاعلن فاعلن فاعلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جب خدائی نے بَاطِن کہا
کبریائی نے بَاطِن کہا

کائناتِ خدا پر عیاں
رائی رائی نے بَاطِن کہا

لوحِ تقدیر کے رو برو
روشنائی نے بَاطِن کہا

جب نہاں تھا درونِ عطا
نارسائی نے بَاطِن کہا

اپنے من میں سجا کر اُسے
آشنائی نے بَاطِن کہا

یَتِیمُ

YATEEM

حسنِ ترتیب: 80

ادائیگی: یَ - تی - مُن

مستعمل تلفظ: یَ - تی - مْ

ترجمہ: بن والدین کا، بے مثال

Orphan

حسنِ بیاں: بحر: وافر مثمن سالم

ارکان: مفاعِلَتن مفاعِلَتن مفاعِلَتن مفاعِلَتن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسین قلم دوات ملے کمال کرے، یَتِیمؔ لکھوں
طوافِ حرم کروں تو مجھے نہال کرے، یَتِیمؔ لکھوں

سلامِ نبی، درودِ نبی پڑھوں تو مجھے سکون ملے
کبھی جو مجھے جہانِ بتاں نڈھال کرے، یَتِیمؔ لکھوں

مشیتِ ایزدی کہ حیات والد و والدہ بھی نہیں
بلند اسے قرابتِ ذوالجلال کرے، یَتِیمؔ لکھوں

دعا ہے خدا حبیبِ خدا کے نقشِ سخا دکھائے مجھے
فضا میں کبھی بلند اذاں بلال کرے، یَتِیمؔ لکھوں

اُسی کا ہوں میں، خبر ہے اسے متاعِ دل و نظر کی مری
بساطِ خیال کا بھی وہی خیال کرے، یَتِیمؔ لکھوں

کَرِیْمُ

KAREEM

حسنِ ترتیب: 81

ادائیگی: کَ- رِیْ- مُنْ

مستعمل تلفظ: کَ- رِیْ- مْ

ترجمہ: کرم والا

Generous

حسنِ بیاں: بحر: رمل مثمن مخبون

ارکان: فعِلا تن فعِلا تن فعِلا تن فعِلا تن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دلِ مجبور کے اطراف کریم اور کوئی ہے؟
کہیں بھی صاحبِ اوصاف کریم اور کوئی ہے؟

عربی کو عجمی پر نہیں ہے برتری حاصل
یوں بھی کیا برسرِ انصاف کریم اور کوئی ہے؟

بخدا بخش دیا خوفِ خدا اُس نے جہاں کو
دِلوں پر مائلِ الطاف کریم اور کوئی ہے؟

زمنِ کن سے فنا تک ہے شہی عشقِ خدا کی
ملکِ مسکنِ اعراف کریم اور کوئی ہے؟

شرفِ کون و مکاں ذاتِ نبی حق ہے تو ناصرؔ
قمرِ اشرفِ اشراف کریم اور کوئی ہے؟

حَکِیمُ

HAKEEM

حسنِ ترتیب: 82

ادائیگی: حَ- کِیْ- مُنْ

ترجمہ: حَ- کِیْ- مْ

حوالہ: حکمت والا۔ دانا۔ عقلمند

Wise, Judicious

لغت: براج مان: (س) عالی شان، عصاے شاہی رکھنے والا

حسنِ بیاں: بحر: منسرح مثمن مطوی موقوف

ارکان: مفتعلن فاعلاتُ مفتعلن فاعلان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چار طرف اک ہجوم اور مخاطب حَکِیْمُ
بانٹ رہا تھا براج مان کواکب حَکِیْمُ

تابِ فراست جبینِ ناز پہ ہے آشکار
دارِ معانی حکیم، دارِ مطالب حَکِیْمُ

کچھ بھی چھپایا نہیں ہے چشمِ نبی سے خدا نے
دیکھتا ہے شش جہات و چار جوانب حَکِیْمُ

عصر ہوئے ہیں تمام معترفِ تابِ خرد
مان چکے ہیں اُسے تمام مکاتب حَکِیْمُ

خلقِ خدا کو حیات پاک میں سب دے چکا ہے
دین، شریعت، طریق و طرزِ مناقب حَکِیْمُ

سَیِّدُ

SAYYAD

حسنِ ترتیب:	83
ادائیگی:	سَیْ - یِ - دُنْ
مستعمل تلفظ:	سَیْ - یَدْ
ترجمہ:	آقا۔مالک
	Lord
حسنِ بیاں:	بحر: مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف
	ارکان: مفعول فاعلاتُ مفاعیل فاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تخلیقِ کائنات ہے سَیَّدؐ کے نام پر
بارانِ شش جہات ہے سَیَّدؐ کے نام پر

ہر فیضِ عام اُن کے تفضل سے ہے روا
اسلام کو ثبات ہے سَیَّدؐ کے نام پر

اس دل کو مل گیا ہے تصوف کا آسرا
اس دل پہ واردات ہے سَیَّدؐ کے نام پر

مجبور کی حیات بھی پُر نور ہو گئی
مسکیں پہ التفات ہے سَیَّدؐ کے نام پر

سلطانِ کائنات کی تعریف کیجئے
انسان کی نجات ہے سَیَّدؐ کے نام پر

لاثان >>>>ناصر ملک

سِرَاجُ

SIRAJ

حسنِ ترتیب: 84

ادائیگی: سِ- رَاْ- جُنْ

مستعمل تلفظ: سِ- رَاْجْ

ترجمہ: چراغ ِنورِ آفتاب

Lamp, the Sun

حسنِ بیاں: بحر: کامل مثمن سالم

ارکان: متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بخدا زمین کے ہر زمن کا سراج ہیں، وہ سِرَاجُ ہیں
غمِ زندگی کا نہج نہج وہ علاج ہیں، وہ سِرَاجُ ہیں

یہاں نیست کیا، یہاں بود کیا جو نہیں ہے اُن کی طلب مجھے
وہی کل بھی تھے سرِ آرزو، وہی آج ہیں، وہ سِرَاجُ ہیں

وہ جمالِ عشق و یقین ہیں، وہ کمالِ جذبہء بندگی
دلِ عاشقاں کی ہیں جستجو، وہی لاج ہیں، وہ سِرَاجُ ہیں

وہ تمازتوں کے سفیر ہیں، وہ اساس دین و یقین ہیں
وہ بنائے رسمِ وفا، بنائے رواج ہیں، وہ سِرَاجُ ہیں

درِ مفلساں پہ سجا ہوا ہے چراغِ شب اُسی نام کا
کہ جہانِ تلخ میں جو شگفتہ مزاج ہیں، وہ سِرَاجُ ہیں

مُنِیرؒ

MUNEER

حسنِ ترتیب:	85
ادائیگی:	مُ- نی- رُنْ
مستعمل تلفظ:	مُ- نی - رْ
ترجمہ:	نوروالا۔روشن
	Radient
حسنِ بیاں:	بحر: متدارک مربع مخلع مضاعف
	ارکان: فاعلن فعَل فاعلن فعَل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ ہے جا بجا وہ مُنِیرؔ ہے
کائنات کا وہ مُنِیرؔ ہے

تا ازل ضیا پاش حشر تک
وہ منیر تھا، وہ مُنِیرؔ ہے

ہے جو ابتدا، ہے جو انتہا
ہے جو آشنا، وہ مُنِیرؔ ہے

جو تجھے ملا وہ سراج تھا
جو مجھے ملا وہ مُنِیرؔ ہے

اُس کی تاب سے ضو فشاں نمو
وہ درِ بقا، وہ مُنِیرؔ ہے

مُحَرَّم

MOHARRAM

حسنِ ترتیب: 86

ادائیگی: مُ - حَرْ - رَ - مُن

مستعمل تلفظ: مُ - حَرْ - رَمْ

ترجمہ: پاک ِممنوع

Forbidden, Immune

حسنِ بیاں: بحر: منسرح مثمن مطوی منحور

ارکان: مفتعلن فاعلاتُ مفتعلن فع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چومتی ہے کائنات اسمِ مُحَرَّم
محوِ سرِ التفات اسمِ مُحَرَّم

ذکر کے لائق وہی ہے ذاتِ مقدس
قول و عمل، واقعات، اسمِ مُحَرَّم

وجہِ سکون و قرار، باعثِ عرفاں
اور ہے وجہِ نجات اسمِ مُحَرَّم

فیض مرے غم شناس دل کو ملا ہے
منحصرِ واردات اسمِ مُحَرَّم

اسمِ مقدم سے مجھے ہے اسمِ مکرم
میری حیات و ممات اسمِ مُحَرَّم

مُکَرَّم

MOKARRAM

حسنِ ترتیب: 87

ادائیگی: مُ- کَرْ - رَ- مُنْ

مستعمل تلفظ: مُ- کَرْ - رَمْ

ترجمہ: تکریم والا۔عزت والا

Honoured, Venerated

حسنِ بیاں: بحر: ہزج مربع محذوف مضاعف

ارکان: مفاعیلن فعولن مفاعیلن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جہاں بیٹھے محمدؐ وہی مسند مُکَرَّم
جہاں مدفون ہیں، وہ ہرا گنبد مُکَرَّم

اسی کی نسبتوں میں بقا کا راستہ ہے
جسے رب نے صحیفوں میں لکھا سید مُکَرَّم

مکمل، محترم، معتبر، اعلیٰ، معزز
سرِ تسلیم خم ہے تری آمد مُکَرَّم

سکھائی ہے اُسی نے ہر انساں کو محبت
ہر اک دل کی صدا ہے درِ احمد مُکَرَّم

کوئی معیارِ عزت بھلے کرلو مقرر
زمیں کے ہر زمن میں وہی سرمد مُکَرَّم

لاثان <<<< ناصر ملک

مُبَشِّرُ

MOBASH'SHIR

حسنِ ترتیب: 88

ادائیگی: مُ- بَش- شِ- رُنْ

مستعمل تلفظ: مُ- بَش- شِر

ترجمہ: خوشخبری دینے والا

Bringer of good news

حسنِ بیاں: بحر: متقارب مثمن سالم مضاعف

ارکان: فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گلابوں پہ، کلیوں پہ، منزل بہ منزل اِلٰہی نے بھیجا بنا کے مُبَشِّرؒ
چلو ہم کہیں سارے مل کے قبائل، اِلٰہی نے بھیجا بنا کے مُبَشِّرؒ

کسی بھی نظر سے جو ذاتِ مقدس کا ہوگا احاطہ، یہ ممکن نہیں ہے
عیاں تر، نہاں تر، مدلل، وہ کامل، اِلٰہی نے بھیجا بنا کے مُبَشِّرؒ

بھٹکتے ہوؤں، راہ بھولے ہوؤں کے لیے راہ روشن کیے ظلمتوں میں
دکھائی دیے ہیں جو ساحل بہ ساحل اِلٰہی نے بھیجا بنا کے مُبَشِّرؒ

وہ پیکر ہیں شرم و حیا کے، صداقت، امانت، وفا کے علمدارِ نصرت
سدا جود و رحم و سخا پر ہیں مائل اِلٰہی نے بھیجا بنا کے مُبَشِّرؒ

وہ چادر میں لپٹے ہوئے گوہرِ ضوفشاں، ہادیءِ دین و دنیا سبھی کے
یہاں کے، وہاں کے وہی پیرِ کامل اِلٰہی نے بھیجا بنا کے مُبَشِّرؒ

لاثان <<<< ناصر ملک

مُذَکِّر

MOZAKKIR

حسنِ ترتیب:	89
ادائیگی:	مُ- ذَکْ- کِ- رُنْ
مستعمل تلفظ:	مُ- ذَکْ- کِرْ
ترجمہ:	ذکر کیا گیا، بیان ہوا

Who makes remember, preacher

حسنِ بیاں:	بحر: مشاکل مسدس مکفوف محذوف
	ارکان: فاعلاتُ مفاعیل فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آشکارِ اساطیر مُدَّثِّر
کائنات کی تفسیر مُدَّثِّر

باکمال ہے تبلیغ اُنہی کی
دین و دہر کی توقیر مُدَّثِّر

اُن کا ذکر ہی دل و جان کا حاصل
چشمِ نم کی ہے تحریر مُدَّثِّر

خاکسارِ درِ مصطفوی ہوں
میرے خواب کی تعبیر مُدَّثِّر

ہر زمن کے مددگار ہیں احمدؐ
ہر جہاں کے جہانگیر مُدَّثِّر

مُطَہَّرُ

MOTAHHAR

حسنِ ترتیب: 90

ادائیگی: مُ- طَہْ - ہَ- رُنْ

مستعمل تلفظ: مُ- طَہْ - ہَرْ

ترجمہ: پاک کرنیوالا۔ پاک

Purified

حسنِ بیاں: بحر: مشاکل مسدس سالم

ارکان: فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن

لاثان >>>>ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مصطفائی عطائیں سب مُطَھَّر ہیں
حسنِ کل ہیں، ادائیں سب مُطَھَّر ہیں

وہ مقدس، وہ پاکیزہ، وہی اطہر
پیرہن سب، قبائیں سب مُطَھَّر ہیں

والیءِ دو جہاں اس دیس پر اُترے
اس وطن کی ہوائیں سب مُطَھَّر ہیں

خاک پر ہیں ہزاروں کہکشائیں بھی
آسماں پر گھٹائیں سب مُطَھَّر ہیں

روشنی چارسو پھیلی ہوئی اُن کی
شہرِ جاں کی فضائیں سب مُطَھَّر ہیں

قَرِیْبٌ

QAREEB

حسنِ ترتیب:	91
ادائیگی:	قَ- رِیْ- بُنْ
مستعمل تلفظ:	قَ- رِیْبْ
ترجمہ:	نزدیک ۔قرب والا
	Near
حسنِ بیاں:	بحر: وافر مسدس سالم
	ارکان: مفاعِلَتن مفاعِلَتن مفاعِلَتن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اداس ہوں میں نہال کرے، قَرِیْبْ کرے
فراق سے مجھے نڈھال کرے، قَرِیْبْ کرے

جواب میں سارے بول پڑیں گے کون و مکاں
حضورِ خدا سوال کرے، قَرِیْبْ کرے

خدا کے وہی قریب تریں ہے ذاتِ نبی
کمال سرِ کمال کرے قَرِیْبْ کرے

وہ رہبرِ کل بہ حسنِ عطا سنبھالتا ہے
قدم بہ قدم خیال کرے، قَرِیْبْ کرے

جہانِ خدا خواب گزیں، اذاں بھی نہیں
کوئی تو صدا بلال کرے، قَرِیْبْ کرے

خَلِیُلُ

KHALEEL

حسنِ ترتیب:	92
ادائیگی:	خَ - لِی - لُن
مستعمل تلفظ:	خَ - لِی - لُن
ترجمہ:	دوست ۔ سچا دوست
	Nice friend
حسنِ بیاں:	بحر: ہزج مربع محذوف
	ارکان: مفاعیلن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسیحا ہیں خَلِیْلؒ
اُجالا ہیں خَلِیْلؒ

غریبوں کا جہاں میں
سہارا ہیں خَلِیْلؒ

محبت کا، وفا کا
سراپا ہیں خَلِیْلؒ

زمانے کے غموں کا
مداوا ہیں خَلِیْلؒ

شبِ ظلمت میں ناصرؔ
سویرا ہیں خَلِیْلؒ

لاثان <<<<ناصر ملک

مَدْعُوٌّ

MAD'OO

حسنِ ترتیب:	93
ادائیگی:	مَدْ - عُوْ - وُنْ
مستعمل تلفظ:	مَدْ - عُوْ
ترجمہ:	بلایا گیا، دعوت دیا گیا
	Who is called
حسنِ بیاں:	بحر: متدارک مثمن سالم
	ارکان: فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن

لاثانی >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چار سو روشنی ہے، وہ مَدعُو ہوئے
بزمِ دل سج گئی ہے، وہ مَدعُو ہوئے

وہ بلائے گئے تازگی کے لیے
یہ فضا شبنمی ہے، وہ مَدعُو ہوئے

جاوداں آ گیا دعوتِ جود پر
رقص میں مفلسی ہے، وہ مَدعُو ہوئے

کچھ دکھائی نہیں دے رہا ہے بجز
موج ہے، بیخودی ہے، وہ مَدعُو ہوئے

جاں سمٹ کر مری آنکھ میں ثبت ہے
دل سرِ بندگی ہے، وہ مَدعُو ہوئے

جَوَّادُ

JAWWAD

حسنِ ترتیب: 94

ادائیگی: جَو - وَاْ - دُنْ

مستعمل تلفظ: جَوْ - وَاْدْ

ترجمہ: سخی ِفیاض

Magnanimous, Generous

حسنِ بیاں: بحر: خفیف مثمن سالم

ارکان: فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن مستفعلن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روزِ روشن بن کر عیاں ہے سخاوت جَوّادؐ کی
اِس جہاں میں، اُس ملک میں ہے حکومت جَوّادؐ کی

کب بھلا عاشق ہیں نبیؐ کی عطا سے نا آشنا
منعموں کو ملتی رہی ہے زیارت جَوّادؐ کی

سب اُنہی کا بانٹا ہوا ، سب اُنہی کا چھوڑا ہوا
علم و عرفان و آگہی تک ودیعت جَوّادؐ کی

یہ کرم ہے ہم پہ اُن کا ، ہو گئے ہم اہلِ نظر
ہم خدا کو پہچانتے ہیں وساطت جَوّادؐ کی

وہ سنبھالیں گے ہم سبھوں کو قیامت کی اُس گھڑی
ہم بھی بخشے جائیں گے، ہے جب ضمانت جَوّادؐ کی

خَاتِمُ

KHATIM

حسنِ ترتیب:	95
ادائیگی:	خَاْ - تِ - مُنْ
مستعمل تلفظ:	خَاْ - تَم
ترجمہ:	ختم کرنیوالا ۔ مُہر
	Seal
حسنِ بیاں:	بحر: رمل مسدس مخبون
	ارکان: فعِلا تن فعِلا تن فعِلا تن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسلِ حق کا پیارا وہی خَاتِمْ
جو نبی بعد میں آیا وہی خَاتِمْ

ہے وہی راہ نما تیرہ شبی میں
ہے وہی صبحِ اجالا وہی خَاتِمْ

ہے فقط اس کو روا میرا مداوا
مرضِ دل کا مسیحا وہی خَاتِمْ

جو سمایا نہ زمانوں میں کبھی پَر
دلِ عاشق میں سمایا وہی خَاتِمْ

داورِ حشر کے بارے کبھی سوچا
تو یہ ایمان پکارا وہی خَاتِمْ

لاثان >>>> ناصر ملک

عَادِلُ

ADIL

حسنِ ترتیب:	96
ادائیگی:	عَا - دِ - لُن
مستعمل تلفظ:	عَا - دِلْ
ترجمہ:	عدل کرنیوالا۔منصف
	Justice
لغت:	تطاول:(ع ۔مذ)۔درازدستی،زیادتی،ظلم
حسنِ بیاں:	بحر:متقارب مسدس سالم
	ارکان:فعولن فعولن فعولن

لاثان >>>>ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ستم جور سے دور عادِل
ہے قرآنی منشور عادِل

وہ مقصودِ کون و مکاں ہے
خدا کو بھی منظور عادِل

ضیا پاش ہو جائے ہستی
اگر بخش دے نور عادِل

مثالی ہے عدلِ پیمبر
تطاول پہ رنجور عادِل

شریعت ہے فرمانِ قدسی
ہے والیء دستور عادِل

لاثان <<<< ناصر ملک

شَہِیْرُ

SHAHEER

حسنِ ترتیب: 97

ادائیگی: شَ- ہِیْ- رُنْ

مستعمل تلفظ: شَ- ہِیْ- رْ

ترجمہ: شہرت والا۔ مشہور

Well known, Famous

حسنِ بیاں: بحر: سریع مسدس مخبون مکسوف
ارکان: مستفعلن مستفعلن فعولن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورت کہ ہر صورت شَہِیرُ کی ہے
سیرت بھی تو حضرت شَہِیرُ کی ہے

دیدار کی خواہش ہر ایک دل میں
دنیا میں یہ رفعت شَہِیرُ کی ہے

صادق، امیں، طیب، ولی، حجازی
ہر رنگ میں مدحت شَہِیرُ کی ہے

ہر عہد کی اُس کو ملی امامت
ہر حال میں جنت شَہِیرُ کی ہے

شہرہ اُسی کا، عظمتیں اُسی کی
ہر چادرِ عصمت شَہِیرُ کی ہے

لاثان >>>> ناصر ملک

شَہِیدُ

SHAHEED

حسنِ ترتیب: 98

ادائیگی: شَ- ھِیْ- دُنْ

مستعمل تلفظ: شَ- ھِیْ- دْ

ترجمہ: گواہ۔شہادت دینے والا

Witnessing, Martyr

حسنِ بیاں: بحر: جدید مسدس مخبون

ارکان: فعلاتن فعلاتن مفاعلن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ یہاں ہیں، وہ وہاں ہیں، شَہِید ہیں
وہ صداقت کا بیاں ہیں، شَہِید ہیں

غمِ دنیا کا مداوا وہی ہوئے
وہ محبت کی اذاں ہیں، شَہِید ہیں

جو زمانوں پہ مکمل عیاں نہیں
دلِ انساں میں نہاں ہیں، شَہِید ہیں

درِ احمد کو چلے سارے بے وطن
کہ وہی دارِ اماں ہیں، شَہِید ہیں

وہ گواہی ہیں خدائے بزرگ کی
وہ شہادت کا نشاں ہیں، شَہِید ہیں

رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ

RASOOLUL MALAHIMI

حسنِ ترتیب:	99
ادائیگی:	رَ- سُوْ- لُلْ- مَ- لَاْ - حِ- مِ
مستعمل تلفظ:	رَ- سُوْ- لُلْ- مَ- لَاْ - حِم
ترجمہ:	یومِ حشر کا پیغمبر، قیامت کی جنگ کا بتانیوالا
	Messenger of battles of last day
حسنِ بیاں:	بحر: جمیل مثمن سالم
	ارکان: مفاعلاتن مفاعلاتن مفاعلاتن مفاعلاتن

لاثان >>>> ناصر ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بہ وصفِ پیغامِ حشر یزداں کہے رَسُوْلُ الْمَلَاحِم اُن کو
ورق ورق پر ہمارا قرآں کہے رَسُوْلُ الْمَلَاحِم اُن کو


ہے پر خطر کارزارِ محشر، خسارے میں ہے حیاتِ آدم
یہ طوقِ عصیاں، یہ کُنجِ زنداں کہے رَسُوْلُ الْمَلَاحِم اُن کو

نہیں ہے کوئی بجز محمدؐ بتائے یومِ حساب کیا ہے
نظامِ محشر، نظامِ دوراں کہے رَسُوْلُ الْمَلَاحِم اُن کو

کوئی مصیبت بھی اُن کی امت پہ آئے، کیسے اُنہیں گوارا
یہ چشمِ گریاں، دلِ پشیماں کہے رَسُوْلُ الْمَلَاحِم اُن کو

بتا چکے ہیں نظامِ ہستی کو روندنے والا دن چڑھے گا
اسی لیے تو ہر ایک انساں کہے رَسُوْلُ الْمَلَاحِم اُن کو

لاثان <<<< ناصر ملک



N A S I R M A L I K





STOCKIST
Art Land Urdu Bazar, Layyah Road,
Chowk Azam (Layyah) +92 60 637 2557

Retail Price
400.00

urdusukhan@hotmail.com
nasirmalik.01@gmail.com
https://twitter.com/urdusukhan
https://www.facebook.com/
urdusukhancom-136555273080951/

ISBN: 978 969 7578 49 8
9 789697 578498

www.urdusukhan.com